اور حجابوں میں اس واسطے کہ لوح نفس انسان سرمایہ
ہے واسطے ظہور حکم ہر طبیعت کے طبائع امہات
ومولدات سے اور بقدر منقش ہونے ان صورتوں کے
ناقص ہوجاتی ہے، صفائی اس لوح نفس انسان کی اور
پوشیدہ ہوجاتا ہے حکم نقطہ تدلی کا وہ تدلی وایک ایسی
رسی ہے کہ جو اس کو پکڑے اپنے رب کو پہچان لے
پس وہی حجاب ہیں کہ ایک دوسرے پر پڑے ہوئے
ہیں تو جس شخص کو نصیب ہوگیا تنبہ حقیقت الحقائق پر
اور جان لیا اس نے انفسار تدلی کا جو طبیعت کلیہ اور
اس کے اجزاء کی طرف ہے، تو اس کے نزدیک اللہ
کے نور کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک چراغ روشن
جو شیشہ کی قندیل میں ہو کہ کل حجاب نور اصل سے
اور اس کی روشنی سے روشن منور ہوگئے اور وہ حجاب
اس کو معرفت الٰہی میں مفید ہوگئے نہ مضر اور جس
شخص کو نصیب نہ ہو اتنبہ حقیقت الحائق پر اور اس

معرفة لا علمية ومن لم يرزق التنبه لها لم يعرف انفسارها فمثل ظلماته المتراكمة كظلمات بحر لجي يغشاه موج من فوقه موج من فوقه سحاب الآية واذا تمهد هذا فاعلم انه بقدر اعداد المعدات تظهر هذه النقطة وآثارها وكلما كان الاعداد اتم واوفر كان ظهورها اصرح وابين ومن المعدات الملاء الاعلىٰ ولست اعنى بهم الملائكة فقط بل اعظمهم واشبههم نفوس الكمل حين طرحت عنها جلابيب ابدانها الكثيفة فكل من مات من الكمل يخيل الى العامة انه فقط من العالم ولا والله ما فقد بل تجوهر وقوى فكل سيد من سادات الملاء الاعلىٰ يوفق لقدح الحجب المتراكمة والوصول الىٰ هذا.

التدلى فيدخل موج من هذا التدلى فى شرجة هذه النفس فيمتلى النفس بمعرفة الله ثم يعود الموج الى هذا التدلى فيتحقق لهذا التدلى تدلىٰ آخر الى ما يلى النفوس البشرية المحبوسة فى اجسادها ويعد العالم لتقريب افاضة المعرفة علىٰ تلك النفوس وهكذا تتراكم انوار الملاء الاعلىٰ وتتزايد اعدادها بعضها يلى الأعلىٰ وبعضها الاسفل وبعضها بين هذا وذاک حتى امتلاء الجو الذى بين ارض هذه

نے جانا اس کے انفسار کو تو اس کی سخت تاریکیوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک گہرے دریا کی اندھیریاں تھپیڑے مارتی ہے اس کو لہر پر لہر اور اس کے اوپر ابر ہے جب یہ تمہید ہوئی جان لینا چاہیے کہ معدات کے شمار کے موافق یہ نقطہ ظاہر ہوتا ہے اور اُس کے آثار اور جس قدر کہ اعداد بہت ہوں گے اتنا ہی ظہور بھی صریح اور ظاہر ہوگا اور معدات میں سے ملاء اعلیٰ پورے ہیں اور میری مراد اس سے فقط فرشتے نہیں بلکہ جو نفوس کاملہ کہ اعظم اور اشبہ ہیں اس سے جس وقت ان کے بدن کثیف کی چادریں اتار ڈالی جاتی ہیں تو جب کوئی کاملیں میں سے مرجاتا ہے تو عام لوگ جانتے ہیں کہ وہ عالم سے گم ہوگیا خدا کی قسم وہ گم نہیں ہو پس ہر ملاء اعلیٰ کے ہر سردار کو حجاب متراکمہ قطع کرنے اور اس تدلی کی طرف پہنچنے کی توفیق نہ دی جاتی ہے۔

پھر اس تدلی کی ایک موج اس نفس کے سرچہ میں داخل ہوتی ہے تو نفس اللہ کی معرفت سے بھر جاتا وہ موج اس تدلی کی طرف عود کرتی ہے پھر متحقق ہوتی ہے اس تدلی کے اس چیز کی طرف کہ قریب سے ان نفوس بشریہ کے جو اجسام میں ہے اور آمادہ کرتی ہے عالم نفوس بشریہ پر معرفت کا افاضہ کرنے کی تقریب کے واسطے ایک دلی جو عود کرے اور اسی طرح متراکم ہوتے ہیں انوار ملا اعلیٰ کے اور بڑھتے جاتے ہیں اعداد ان کے بعضے قریب اعلیٰ کے اور بعضے اسفل کے اور بعضے قریب اعلیٰ کے اور بعضے اسفل کے اور بعضے ان دونوں

النفوس وبين سماء تلك المعرفة فلذلك يكون معرفتهم في آخر الزمان اسرع ما يكون واصرح ما يكون والىٰ هذه الدقيقة اشار النبي صلى الله عليه وسلم حيث قال اذا اقترب الزمان لم يكد رؤيا المؤمن يخطى اى اذا اقترب من القيامة وكذلك في الطبيعة العرشية علوم الارتفاقات كل نوع بل احكام جميع النفوس والانواع فكل من برع في استخراج الارتفاقات انما استمطر الجود عما هنالك واذا ارتسخ هذا الفيض في قلب ثم عاد الى منبعه ظهر لتلك الطبيعة بحسب هذا الكمال تدلى الىٰ سائر النفوس البشرية وسهل انطاع تلك العلوم واذا مات هذا البارع لا يفقد هو ولا ابراعته ولا هذه الشرجة بل كل ذلك بحاله والافراد هذه النفوس يعد بعضها لبعض ونسبتها في الطبيعة الانسانية المتجسدة في المثال بشخص واحد كنسبت القوى والصور الخيالية فكما ان المقدمات الفكرية تعد لفيضان النتيجة فكذلك النفوس الزكية تعد لمن كان ساعر الناس وهذا المعرفة معانى قولنا فى القصيدة اللامية شهدت تداوير الوجود جميعها تدور كما دار الرحى المتمائل.

کے درمیان یہاں تک کہ پر ہوجاتا ہے جو ان نفوس کے زمین اور معرفت آسمان کی بیچ میں ہے اور اسی واسطے کاملین کی معرفت آخر زمانہ میں پہلے سے زیادہ سریع اور مصرح ہوتی ہے اور اس دقیقہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے نبی ﷺ نے جیسا کہ فرمایا ہے: جس وقت زمانہ قیامت قریب تو مؤمن کے خواب جھوٹے نہ ہوں گے اور اسی طرح طبیعت عرشیہ میں علوم ارتفاقات انسانیہ موضوع ہیں نہ ارتفاقات ہر نوع بلکہ احکام جمیع نفوس بس جو کوئی استخراج ارتفاقات میں کامل و فائق ہوا اس نے یہیں سے فیض پایا اور جب یہ فیض اس کے قلب میں راسخ ہوگیا۔ پھر عود کیا اپنے منبع کی طرف تو ظاہر ہوا واسطے اس طبیعت کے بموجب اس کمال کی تدلی طرف تمام نفوس بشریہ کے اور آسان ہوگیا ان علوم کا منقش ہونا پھر جب مرتا ہے وہ کامل و فائق تو گم نہیں ہوتا وہ اور نہ اس کا کمال و فضل اور نہ وہ شرجہ بلکہ سب بحال خود رہتے ہیں اور ان نفوس کے بعض افراد معد ہوتے ہیں بعض کے واسطے اور اس کی نسبت شخص واحد کے ساتھ طبیعت انسانیہ میں جو متجسد فی المثال ہے ایسی ہے جیسے نسبت قوی اور صور خیالیہ کی اور جیسے مقدمات فکریہ معد ہوتے ہیں فیضان نتیجہ کے واسطے اسی طرح نفوس زکیہ معد ہوتی ہیں تمام آدمیوں کی پاکی و صفائی کے واسطے اور یہ معرفت معانی میں سے ایک معانی ہے جو قصیدہ لامیہ میں ہے اور وہ یہ ہے: شهدت تداوير الوجود جميعها تدور كما دار الرحى المتمائل.

مشاهد اخرى على الاجمال ما توجهت قبل قبره عليه الصلوٰة والسلام الا ورايته حاضرا ظاهرا اما بان انفح بصر روحى فرايته على ما هو واما ان تاثرت نفسى منه تاثرا فكان ذلك الاثر حاكيا عنه فيومًا توجهت اليه ونفسى ملأنى من الشوق الىٰ ظهور حقيقة ما خصصت به من معارف مراتب الجود واستنباط معارف الشرايع من قبل تفتيش جبال النفوس فلصقت نفسى بنفسه عليه الصلوٰة والسلام وامتلات ابتهاجا بتلك العلوم وثلجًا بها ويوما افيض على نظر الحق فانه شىء خصص به النبى صلى الله عليه وسلم من الانبياء لما بينا من هيكل التدلى واختصاصه وانتقاله بانتقاله الى الناسوت فتوجهت اليه اشد توجه فانطبع لون هذا النظر فى نفسى معرفة حينئذ نفسى كانها ينظر اليها الله تبارك وتعالىٰ ويقنت ان من خواص هذا النظر ان هذا الرجل لا يجلس فى مكان يذكر فيه ربه الا تبعته السموات والارضون لا سيما اجزاء الارض الى السفلى واجزاء الجوّ الى السماء السابعة بل العرش وانه اذا استمكن من الرجل صار قطبا وفطنت عند الافاضة انه ليس انطباعا

مشاهد اُخریٰ علی الاجمال میں جب متوجہ ہوا روضہ رسول اللہ ﷺ کی طرف تو آپ کو حاضر ظاہر دیکھا یا یہ کہ میری روح کی آنکھ کھل گئی ہے تو آپ کو دیکھا ہے جیسے آپ ہیں اور یا میرا نفس متاثر ہوا ہے اس سے اور یہ اثر حاکی ہے آپ کا سوا ایک روز میں متوجہ ہوا آپ کی طرف در حالیکہ میرا نفس شوق سے بھرا ہوا تھا ظہور حقیقت اس شے سے جس سے میں خاص ہوا یعنی معارف مراتب اور استنباط معارف شریع قسم دریافت حاصل نفوس سے تو میرا نفس آنحضرت ﷺ کے مبارک نفس سے قریب اور ان علموں کی خوشی اور سرور سے پر ہوگیا اور ایک روز مجھ پر افاضہ ہوئی نظر حق وہ ایک شے ہے جس سے خصوصیت ہے آنحضرت ﷺ کو کل نبیوں سی نسبت اس ہیکل تدلی کے جو ہم بیان کر چلے ہیں اور اس کا خاص کے جو ہم بیان کر چکے ہیں اور اس کا خاص ہونا اور ان کا منتقل ہونا ناسوت کی طرف ان کے منتقل ہونے کے ساتھ تو میں بہت شدت سے متوجہ ہوا آنحضرت ﷺ کی طرف تو میرے نفس میں منطبع ہوا لون اس نظر کا تو پہچانا میں نی کہ گویا میرے نفس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نظر کر رہا ہے اور یقین کیا میں کہ اس نظر کے خواص میں سے ہے کہ ایسا شخص جس مکان میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرے تو اس کی پیروی کرتے ہیں سب آسمان اور زمینیں خصوصا اجزا زمین کے نیچے تک اور اجزا ہوا کے ساتویں آسمان تک بلکہ عرش تک اور وہ جب قرار پکڑی تو قطب ہوجاتا ہے اور میں نے دریافت کیا کہ

كهيئة الانطباعات بل دخل في جوهر
الروح وديدن النفس ويوما تبد الىّ
النور كهيئة اهل الملاء السافل
ورايته ينبع من قبره صلى الله عليه وسلم
ينبوعًا ثجاجًا.

مشهد آخر بينما انا اصلى سبحة
الضحى في مصلى النبي صلى الله عليه
وسلم بين المنبر والقبر اذ تجلىٰ الى السر
الذى استفدت اصله من حقيقة الكعبة
وهو قرب الملاء الاعلىٰ ومخ العبادة
ففطنت حينئذ مراد النبي صلى الله عليه
وسلم من قوله: اما السجود فاجتهدوا في
الدعاء وقوله لبعض اصحابه اعنى علىٰ
نفسك بكثرة السجود فهٰذا القرب لا
يحصل الا بالدعاء وتضرعا والحاحا بين
يدى المولى وتزللاً على بابه واعتصامًا
باعتابه ولا يحصل حتىٰ يجتهد في الدعاء
في السجدة لان السجود شبح لهٰذا
القرب ولكل شبح الى حقيقته شارع من
جوهره والرحمة العامة اذا توجهت الى
البشر وارادت الافاضة عليهم كان
التعرض لنفحاتها والتمكن لحلولها
والتهيء لتحققها اعانة لها تتميمًا لمرادها
ولما كان السجود اقرب حال الى التعرض
لنفحات الرحمة امر النبي صلى الله عليه

یہ منطبع ہونا اور انطباعات جیسا نہیں ہے بلکہ داخل ہے
جو ہر روح وطبیعت ونفس میں اور ایک روز میری طرف
ایک ایسا نور ظاہر ہوا جیسا صورت اہل ملاء سافل کے
اور میں نے اسے دیکھا کہ روضۂ رسول اللہ سے ایک
چشمہ کی مانند شدت سے جوش کر رہا ہے۔

مشہد آخر ایک روز میں نماز چاشت پڑھ رہا تھا
نماز گاہ رسول اللہ ﷺ اور روضہ مقدس کے کہ یکایک
ایک اسرار نے تجلی کی مجھ پر کہ اس کی اصل کو کعبہ
شریف کی حقیقت سے میں استفادہ کیا اور وہ قریب ملاء
اعلیٰ کا اور اصل سب عبادتوں کی اس وقت مجھے دریافت
ہوئی مراد آنحضرت ﷺ کی اس آیت شریف سے جو
آپ نے فرمائی۔ اما السجود فاجتھدو فی الدعا
اور جو آپ نے فرمایا ہے بعض صحاب سے۔ اعنی علی
نفسک بکثرت السجود پس یہ قرب حاصل نہیں
ہوتا مگر ساتھ دعا کے اور تضرع اور زاری اور الحاح اور
نظراح کے آگے اپنے مولا کے روبرو سر جھکانے اور اس
کے دروازہ پر ناک رگڑنے اور اس کا آستانہ پکڑنے
سے اور نہیں حاصل ہوتا جب تک سجدہ میں دعا کرنے
کی کوشش نہ کرے اس واسطے کہ سجدہ اس قرب کا کالبد
ہے اور ہر کالبد کے واسطے اس کی حقیقت کی طرف ایک
شاہراہ ہے اس کو جو ہر سے اور رحمت متوجہ ہوتی ہے
انسان کی طرف اور ان پر افاضہ کا ارادہ کرتی ہے تو اس
کی خوشبوؤں کا پیش آنا اس کی حلول کا متمکن ہونا اور
اس کی تحقیق کا آمادہ ہونا مدد ہوجاتا ہے اس رحمت کا
اور اس کی مراد کے پورا ہونے کا سبب اور چونکہ سجدہ

وسلم باكثاره خاصة فهو ان حقيقة قوله:
هل تضارون في القمر ليلة البدر قالوا لا
قال فكذلك ترون ربكم فلا تغلبن على
صلوٰة قبل طلوع الشمس وصلوٰة قبل
غروبها وهي اع التدلي المتجلي يوم
القيامة هو الذي يكون قبل وجه المصلي
اذا صلى وهو الذي يقاصم العبد في
الصلوٰة ويجاده لكن جلباب البدن يمنع
الناس ان يبصره ببصر الروح وان يغلب
هذه البصر بصر الجسد فاذا كان يوم
القيامة وكشف الحجاب استقل بصر
الروح واتبع بصر الجسد وليست نشاة
الاخرىٰ الا من بقايا نشاة الدنيا ولا فرق
بين الروية ببصر الروح التي برزقها
الافراد في هذه الدار وبين الاخروية التي
تعم المسلمين الا بطرح الجلباب ثم
رايت كل آية وكل حديث بحرا مواجا فيه
من الاسرار ما لو كتبت شرح سر واحد
منها في مجلدات لما احاطته ورايت
الاسرار المخفية مبتذلة في اشارات
القرآن والسنة فقضيت العجب كل
العجب فتجلى لي عقيب ذالك التدلي
الاعظم فرايته غير متناهي الارجا
ورايت نفسي غير متناهية ورايتني قابلت
غير المتناهي بغير المتناهي فابتلعته

بہت قریب تھا نفحات رحمت کے پیش آنے کا اس
واسطے فرمایا یا رسول اللہ ﷺ نے واسطے کثرت سجود کے
خصوصا اور مجھ پر ظاہر ہوئی حقیقت حدیث شریف کی
جواب آپ نے فرمائی ہے هل تضارون في القمر
ليلة لبدر قالو الاقال فكذلك ترون ربكم فلا
تغلبن على صلوٰة قبل طلوع الشمس وصلوٰة قبل
غروبها۔ اور وہ حقیقت ہے قیامت کے دن جو تدلی
جلوہ کرے گی وہ وہی ہے جو نمازی کے سامنے نماز
پڑھنے میں مقاسم اور مجادب ہوتی ہے بندہ کی لیکن پردہ
بدن انسان کو روح کی آنکھ بدن کی آنکھ پر غالب نہیں
آتی تو جب قیامت کا روز ہوگا اور پردہ اٹھ جائے گا تو
روح کی آنکھ مستقل ہوجائے گی اور جسم کی آنکھ پیچھے رہ
جائے گی اور عالم آخرت بقایا ہر نشاہ دنیا کا اور کچھ فرق
نہیں روح کی آنکھ سی دیکھنے میں جو دنیا میں سب کو
حاصل ہوجاتی ہے اور عاقبت میں عام مسلمان دیکھیں
گے مگر پردہ کی آنکھ اُٹھ جانے سے پھر میں نے دیکھا
ہر آیت اور ہر حدیث شریف کو اسرار کا ایک دریائے
مواج کہ اگر ان میں سے ایک سر بھی لکھا جائے تو بہت
جلدوں میں نہ آسکے اور میں نے دیکھے اسرار خفیہ جو
اشارات قرآن شریف اور حدیث شریف میں محفوظ ہیں
اور میں کمال متعجب ہوا پھر اس کے بعد جلوہ گر ہوئی مجھ
پر تدلی اعظم اس کو میں نے دیکھا کہ اس کی حد ہی نہیں
ہے اور میں اپنے کو دیکھا غیر متناہی اور میں نے معلوم
کیا اپنے تئیں کہ ایک غیر متناہی مقابل ہے غیر متناہی
کے میں وسب نگل گیا ایک ذرہ بھر بھی نہ چھوڑا پھر میں

كله لم اغادر منه مقدار ذرة فرجعت الىٰ نفسي وتحيّرت من عظمها وكبرها وسعتة ثم سرى عني فاذا انا ملان من النور يلدرّ عليّ من فوقي ومن تحتي وعن يميني وعن شمالي بل رايته ينبع من قلبي وعيني ويدي وسائر جوارحي فكان هذا آخر هذا المشهد.

رجوع ہوا اپنے نفس کی طرف اور متحیر ہوا اس کی عظمت اور بزرگی کی وسعت سے پھر وہ تدلی اعظم مجھے پوشیدہ ہوگئی تو اس وقت میں نور سے بھرا ہوا تھا جو میرے اوپر اور نیچے اور میرے دائیں اور بائیں سے پڑ رہا تھا میں نے اسے دیکھا کہ میرے قلب اور میرے آنکھوں اور میرے ہاتھوں سے بلکہ تمام اعضا سے نکل رہا تھا اور یہ اُس مشہد کے آخر میں تھا۔

مشهد آخر غاب عني الهيكل المثالي وتجلى حقيقة روحه صلى الله عليه وسلم متجردة عن الالبسة التي كانت لبسها حتىٰ بعض اجزاء النسمة ووجدتها حينئذ كما كنت وجدت بعض ارواح الاولياء المتقدمين جدا فتحت من روحي صورة متجردة علىٰ شاكلتها وشاهدت من الانجذاب والشموخ ما لا يقدر اللسان على وصفه.

مشہد آخر غائب ہوگئی مجھ سے ہیکل مثالی اور جلوہ گر ہوئی مجھ پر حقیقت روح مبارک رسول اللہ ﷺ کے پاک اور مجرد ان لباسوں سے جو پہنے تھے یہاں تک کہ بعضے اجزاء نسمہ بھی اور میں نے اس وقت پایا اس کو جیسے کہ پایا تھا پہلے بعضے ارواح اولیاء متقدمین کو پھر میری روح سے پیدا ہوئی ایک صورت مجردہ اس کی شکل کی اور میں نے مشاہدہ کیا انجذاب وبلندی کو اس قدر کہ زبان اس کی وصف پر قادر نہیں۔

مشهد آخر استفدت من صلى الله عليه وسلم ان اتسعت نفسي حتى لحقت بوراثته بالبرزة المثالية للتدلي الاعظم التي انتقلت الى الناسوت مع انتقاله صلى الله عليه وسلم واتصلت بها وافضيت اليها وخالطتها ورايتني شبحا لها من الشبحين احدهما الاتم الاعم القريب الى حضرت الوجود الخارجي والثاني نسبته الى الاول كنسبة مخرج المذهب الى صاحب

مشہد آخر استفادہ کیا میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ کہ وسیع ہوگیا میرا نفس یہاں تک کہ لاحق ہوا میں آپ کی اس وراثت سے تدلی اعظم کی برزہ مثالیہ کو جو منتقل ہوا ساتھ آپ کے منتقل ہونے کے طرف ناسوت کے اور میں متصل ہوگیا اور پہنچا اور مخلوط ہوگیا اس برزہ سے ایسا کہ تو دیکھے میں ایک کالبد ہوں دو کالبدوں میں سے کہ ایک ان کا اتم اور اعم قریب حضرت وجود خارجی سے اور دوسری کی پہلے سے ایسی نسبت ہے جیسے تخریج کرنے والے مذاہب

المذاهب وهو قريب الى حضرت الموجود العلمى وسميت حينئذ بالزكى وبآخر نقاط العلم وعرف حينئذ ان من خالطها وافضى اليها كما خالطت واوضيت اى دخلت فى جوهر روحه كمثل دخول اليادداشت فى جوهر النفس بان تنشرح اليقظة التى جبل عليها الانسان به فمن شعب مقامه المجددية والوصاية والقطبية واماطة الطريق ان يكون كلمة باقية فى عقبه والسر عميق فتدبر.

مشهد آخر قمت بين يديه صلى الله عليه وسلم وسلمت عليه وتكففت متضرعا لديه الصقت روحى اليه فبرق منه بارق وتلقيه روحى اتم تلقى فى لمحة واحده واقرب من ذلک فتعجبت من سرعة تلقيها والاحاطة باصلها وفرعها وجميع ارجائها فى آن واحد بل اقل من آن وذالک البارق تجلى الحبل الممدود الذى شد به العالم باسره فرايت هذا التجلى دخل فى جوهر روحه واصل هذا الحبل الممدود التدبير الواحد الفايض من المبدء الذى تفصيله العالم باسره وفروعه التدبيرات التفصيلية التى بها يقوم العالم وفطنت ان هذا الحبل هو حقيقة

کے صاحب مذاہب سے کہ وہ قریب ہے، حضرت وجود علمی کے اور اس وقت میرا نام رکھا گیا زکی اور آخر نقاط العلم اور اس وقت میں نے جانا کہ جو مخلوط ہوا اس برزہ سے اور پہنچے اسے جیسا کہ میں مخلوط ہوا اور فائز ہوا یعنی داخل ہوگیا اس کی جوہر روح میں مانند داخل ہونے یاد داشت کے جوہر نفس میں اس طرح پر کہ کھل جاتا ہے وہ نقطہ جس پر انسان مجبول ہوا ہے پس اس مقام کے شعبے میں سے مجددیت اور وصایت اور قطبیت اور ظریقت کی امانت ہے اور حاصل ہوتی ہے یہ بات کہ ہوجاوے کلمہ باقیہ اپنے بعد اور اسرار عمیق ہے پس غور کر اس کو۔

مشهد آخر میں ایستادہ ہوا روبرو رسول اللہ ﷺ کے اور سلام عرض کیا اور کمال عاجزی سے آپ کے حضور کے ہاتھ پھلائے اور اپنی روح کو آپ سے ملادیا اور آپ سے ایک نور چمکا کہ میری روح نے بہت اچھی طرح اس سے ملاقات کی ایک لحہ بھر کے عرصہ میں یا اس کے قریب میں نے بہت تعجب کیا کہ کس قدر جلدی ملاقات کی اور اصل و فرع وتمام اطراف کو محیط رہا ایک آن میں بلکہ آن سے بھی کم میں وہ نور ایک تجلی ہے اس حبل ممدود کی جس سے تمام عالم بندھا ہوا ہے پس میں نے دیکھا یہ تجلی آپ کے جوہر رح مبارک میں داخل ہے اور اصل اس حبل ممدود کی تدبیر داحد ہے جو فائض ہے اس مبدأ سے جس کی تفصیل تمام عالم ہے اور فروع اس حبل ممدود کی وہ تدبیرات تفصیلیہ ہیں جن سے

الحقيقة المحمدية وما من قطب محدث او نبی مكلم الا وله نصيب منه والله اعلم.

مشهد آخر سلكنی رسول الله صلی الله عليه وسلم بنفسه وربانی بيده فانا اويسيه وتلميذه بلا واسط بينی وبينه ذلک انه ارانی صلی الله عليه وسلم روحه المكرمة فعرفنی بها اذ معرفة المفيض قبل الافاضة فعندی روحه صلی الله عليه وسلم اعرف الاشياء حتی المحسوسات ثم كان اول تسليكه انه افاض علیّ تجليا من تجليات الحق وهو الذی برّز برزة مثالية بوجوده صلی الله عليه وسلم فقبلت هذا التجلی بجوهر روحی واستغرقت فيه وفنيت ثم تحققت به وبقيت ثم افاض ثانيا تجليا آخر هو اصل هذه البرزة المذكورة وهی نقطة فردة جذر افعال الحق فی العالم واصل تدبيراته فيه فقبلت ايضا وفنيت فيه وبقيت به ثم افاض ثالثا نقطة الذات مع لون من الجبروت فقبلتها وفنيت وبقيت ثم افاض رابعًا نقطة منعقدة فی الروحانيات بها اندراج النهاية فی البداية فقبلتها وفنيت وبقيت ثم عرف خامسًا نقطة من

عالم قائم ہے اور اسی سے ہر قطب محدث اور نبی مکلم کو حصہ ملا ہے واللہ اعلم۔

مشهد آخر مجھ کو سالک بنایا خود آپ رسول اللہ ﷺ نے اور آپ نے میری تربیت فرمائی پس میں اویسی ہوں اور شاگرد ہوں رسول اللہ ﷺ کا بلاواسطہ کسی کے اور یہ بات یوں ہے کہ آپ نے اپنی روح مکرم مجھے دکھائی اور اس سے مجھے عارف بنایا، کیونکہ معرفت مفیض کے افاضہ سے پہلے ہی میرے نزدیک آپ کی روح مکرم اعرف الاشیاء ہے، یہاں تک کہ محسوسات سے بھی پھر پہلے آپ کا اور وہ وہی ہے جس نے ظاہر کیا سلوک بتانا کہ افاضہ کی مجھ پر تجلیات حق سے ایک تجلی اور وہ جو رسول اللہ ﷺ سے ایک برزہ مثالیہ پس وہ تجلی میں نے اپنے جوہر روح میں قبول کی اور اس میں مستغرق ہوگیا اور فنا ہوگیا پھر میں متحقق ہوا اس سے اور باقی ہوگیا پھر اضافہ فرمائی رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ ایک اور تجلی کہ وہ اصل اس برزہ مذکور کی ہے اور وہ ایک نقطہ مفرد ہے اصل افعال حق کا ہے عالم میں اور اصل ہے اللہ کی تدبیرات کا عالم میں اور اصل ہے اللہ کی تدبیرات کا علام میں اس کو بھی میں نے قبول کیا اور اس میں فنا ہوا اس سے باقی ہوا پھر افاضہ فرمایا رسول ﷺ نے تیسری بار نقطہ ذات کچھ رن جبروت کے ساتھ اس کو قبول کیا میں نے اور فانی اور باقی ہوا میں، پھر چوتھی بار افاضہ فرمایا نقطہ جو منعقد ہے، روحانیات میں اس سے نہایت کا اندراج ہدایت میں ہوتا ہے۔ قبول کیا اور فنا اور بقا حاصل کی

احوال النسمة وكيفياتها محاذية لتلك
نقطة الروحانية كانها هي ففطنت ان من
امكن منها قوى على التاثير في التلميذ
وهي شبيهة بالعزم والجراة لا اقول
عزم شيء اوجراة على شي بل نفس
العزم والجراة فتم الصعود والهبوط
وهذا هو السلوك المختصر الذي
يناسب الجذب وهو الاشبه بحال
الانبياء صلى الله عليه وسلم.

مشهد آخر اعطاني الله سبحانه شبحًا
من طريقة وفي السلوك بواسطة رسول
الله صلى الله عليه وسلم وباشرت اعطائهٖ
روحه الكريمة واطلعني على حقيقة
هذا الشيء الذي اعطاني فعرفتها
حق معرفتها وعرفت انه شبح منها لا
عينها وساحدثك ببعض ما عرفت
والحمد لله رب العالمين.

بيان حقيقت الطريق اعلم ان الله
تعالىٰ يمن على من يشاء من عباده الاولياء
فيهبه طريقة من السلوك وكم من عارف
قد عجز عن هذه النكتة على وجهها فربما
اطلعه الله على اذكار وافكار يصل بها
السالك الى الفناء والبقاء فيقول اعطاني
ربي طريقة من السلوك وصدق فيما قال
حسب ظنه ولكن التحقيق ان الطريقة

پھر پہنچایا مجھ کو پانچویں دفعہ نقطہ احوال نسمہ کا اور اس
کی کیفیات جو مقابل میں اس نقطہ روحانیہ کے ہے گویا
کہ وہ وہی ہے تو میں نے معلوم کیا جو حاصل کردہ،
اُس کو قوی ہو تاثیر اس کی شاگرد پر اور وہ مشابہ ہے
عزم اور جرأت کے میری اس سے یہ مراد نہیں کہ عزم
کسی شے کا یا جرأت کسی شے پر بلکہ نفس عزم اور نفس
جرأت میری مراد ہے۔ پس تمام ہوگیا صعود اور ہبوط
اور یہ ایک سلوک مختصر ہے کہ مشابہ جذب کے ہے اور
بہت مشابہ ہے انبیاء علیہم السلام کے حال سے۔

مشہد آخر عنایت کیا مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے
رستہ کی سلوک کی صورت بواسطہ رسول اللہ ﷺ کے
اور باعث کا عطا ہوئی آپ کی روح مکرم اور مجھ کو اطلاع
دی اس شے کی حقیقت پر جو مجھ کو عنایت فرمائی، پس میں
نے پہچانا جس قدر حق تھا اس کے پہچاننے کا اور میں نے
جانا کہ اس کی طریق فی السلوک کی ایک صورت ہے نہ
عین اس کا اور عنقریب میں تم سے بیان کروں گا کچھ کچھ
جو میں نے پہنچانا والحمد للہ رب العالمین.

بیان حقیقت الطریق جان لینا چاہئے کہ
اللہ تعالیٰ اپنے پیارے بندوں میں سے جس پر
احسان کرنا چاہتا ہے تو اس کو عنایت کرتا ہے طریقہ
سلوک کا اور کتنے ہی عارف یہ نکتہ جیسا چاہیے ویسا نہ
سمجھے۔ بسا اوقات اللہ تعالیٰ اس کو مطلع کرتا ہے کہ
ذکر وفکر پر کہ جس سے سالک فنا اور بقا کو پہنچ جاتا ہے
اور کہنے لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو سلوک کا طریقہ
عطا کیا اور وہ سالک اس قول میں اپنے گمان کے

ليست عبارة عن تلك الاذكار والافكار
بل هي حقيقة منعقدة في الملاء الاعلىٰ
يقضي الله بها من فوق السموات فينزل
المقضي في الملاء الاعلىٰ فيتقرر هنالك
ثم ينزل الامر على حسبه في الناسوت فالله
تعالىٰ داعية في الملاء الاعلىٰ لا يزال في
الناسوت تمثالها وكرها ومظنتها ما دامت
موجودة فاذا نسخت الطريقة واضمحلت
الداعية لم تر في الناس لها تمثالا ووكرا
ومظنة ولو اجتمع اهل الارض جميعا على
ان يعدموا هذا الحافظ الذى فتنا انه
وكرلها وما زالوا يقتلون اهلها وحفاظها لم
يستطيعوا ان يعدموه ما دامت الداعية
موجودة ولو اجتمع اهل الارض جميعا
علىٰ يقيموا عوجا ويصلحوا ما فسد منها
علىٰ حين فترتها واضمحلالها لم
يستطيعوا ان يقيموه حينئذ ومثلها كمثل
نجوم السماء لا تزال تطيع اشكالها في
الحياض والجواب ايا كان ليس في قوى
البشر ان يصدوا المياه عز ذلك فتلك
الداعية هي الطريقة متىٰ ما قضىٰ بها الله
تعالىٰ لعبد فقد قضىٰ له بالطريقة ثم تشريح
هذه الحقيقة المنعقدة وبيان اجزائها
واركانها لا يمكن الا لفاطن شديد الفطانة
وهاك ما فهمني ربي يجيء من مدد

موافق سچا ہے، مگر تحقیق یہ ہے کہ طریقت اس ذکر وفکر
سے عبارت نہیں ہے بلکہ وہ ایسی حقیقت ہے جو ملاء
اعلیٰ میں منعقد ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو حکم کرتا ہے
آسمانوں پر سے تو وہ حکم نازل ہوتا ہے ملاء اعلیٰ میں
اور وہاں ٹھہرتا ہے پھر امر نازل ہوتا ہے اس کے
موافق عالم ناسوت میں، پس اللہ تعالیٰ کا ایک داعیہ
ہے ملاء اعلیٰ میں کہ ہمیشہ ناسوت میں اس کی صورت
اور آشیانہ اور جائے ہے جب تک وہ موجود ہے اور
جب منسوخ ہو جاتا ہے طریقہ اور جاتا رہتا ہے داعیہ
تو نہیں نظر آتی لوگوں میں اس کی تمثال اور آشیانہ اور
جائے، پس اگر تمام اہل زمین جمع ہوکر چاہیں کہ
معدوم کردیں اس نگہبان کو جو ہم نے بیان کیا کہ
آشیانہ وار جائے ہے اس کی اور ہمیشہ اس کے اہل
سے اور نگہبانوں سے مقاتلہ کریں تو ہرگز نہیں معدوم
کرسکتے جب تک وہ داعیہ موجود ہے اور اگر اہل
زمین جمع ہوکر چاہیں کہ اس طریقہ کی کجی کو سیدھا
کردیں اور اس کے بگاڑ کو سنوار دیں تو سیدھا کرنے
کا اور سنوارنے کا اس وقت مقدور نہیں ہے اور مثال
اس کی ایسی ہے جیسے ستارہ آسمان کے کہ ہمیشہ اُن کا
عکس حوضوں اور تالابوں میں پڑتا ہے۔ کسی بشر کی
قوت ہی میں نہیں کہ پانی کو اس عکس سے روکے، بس
وہ داعیہ الٰہی طریقہ ہے جب تک حکم ہو اللہ تعالیٰ کا
واسطے کسی بندہ کے۔ پھر تشریح اس حقیقت منعقدہ کی
اور اس حقیقت کی اجزاء اور اس کے ارکان کا بیان ممکن
نہیں مگر واسطے ذہین اور تیز فہم کے اور وہ جو مجھے

السماء الاولی نقول وتوسطات وریٌ ومن السماء الثانية قواعد منضبطة فتكتب وتسطر وتعلم وتوثر كابرا عن كابر وتوقر بها الصدور وتملاء به الصحف ومن السماء الثالثة لون طبيعي فتصير طبيعة وتميل اليها الطبائع وتهيج لها حمية منهم فيحمونها وينصرونها ويناضلون دونها ويحبونها كحب الاموال والاولاد والانفس ومن السماء الرابعة غلبة وقوة وتسخير فيكون مسخرا لها اكابر الناس واعرضاهم علمائهم وامرائهم ومن السماء الخامسة نكابة وشدة فلن ترىٰ منكرا لها الا وقد امتخر بالمحن واتبكى بالبلايا ولعن وعوقب كان من الغيب نالها ومن السماء السادسة هداية معظمة فيكون سببا لاهتدائهم ومثابة للناس الى لحمالهم ومن السماء السابعة السرف الدائم الذى كالندب فى الحجر لا يزول حتى تمرع اوصاله وتقطع اجزائه فهٰذه اركان سبعة تلتم فى الملاء الاعلىٰ فيكون جسدًا مسوى فيهم فينفخ من التدلى الاعظم جذب فيها بمنزلة الروح فى الجسد فمن تلبس بتلك الاذكار والافكار وتزىء بذلك الزى شملته الرحمة الآلهية واتاه الجذب من فوقه ومن

میرے رب نے سمجھایا ہے وہ یہ ہے کہ آتی ہے آسمان اول کے ذریعہ نقلین اور توسطات اور لباس اور آسمان دوم سے قواعد منضبطہ۔ پس وہ لکھی جاتی ہیں اور جانی جاتی ہیں اور نقل ہوتی چلی آتی ہیں بزرگوں کو بزرگوں سے اور توقیر پاتی ہیں ان سے سینے اور صحیفے ان سے پُر ہوتے ہیں اور آسمان سوم سے لون طبعی کہ وہ طبیعت ہوجاتا ہے اور اس کی طرف طبیعتیں مائل ہوتی ہیں اور لوگوں کی حمیت اُس سے جوش میں آتی ہے، وہ اس کی حمایت اور مدد کرتی ہیں اور اس کے غیروں سے جھگڑا کرتی ہیں اور اسے جان و مال واولاد کی طرح دوست رکھتے ہیں اور آسمان چہارم سے غلبہ اور قوت وتسخیر کہ اس کے بڑے اور چھوٹے اور علماء اور امراء مسخر ہوتے ہیں اور آسمان پنجم سے مغلوب کرنا اور شدت کہ جو اس کا منکر ہو وہ بلا میں گرفتار ہو اور ملعون ہو اور عذاب میں آجائے گویا کہ ایک غیب سے اس کا مددگار ہے اور آسمان ششم سے ہدایت معظمہ کہ وہ سبب ہوتی ہے لوگوں کی ہدایت اور کمال حاصل کرنے کا اور آسمان ہفتم سے شرف دائمی کہ پتھر کی لکیر کہ نہیں مٹتی جب تک وہ پتھر ٹکڑے نہ ہوجائے۔ پس سات رکن ہیں کہ ملاء اعلیٰ میں آکر مل جاتے ہیں اور ان کا ایک جسم مستوی بن جاتا ہے، پھر اس جسم میں تدلی اعظم سے ایک جذبہ پھونکا جاتا ہے کہ وہ بمنزلہ روح کے ہے اس جسم میں۔ پس جو شخص کہ آراستہ ہو ان اذکار اور افکار سے اور اس لباس سے مزین ہو شامل ہوتی ہے اس کو رحمت الٰہی اور آتا ہے اس کو جذب اوپر اور نیچے اور

تحته ومن عن يمينه ومن عن شماله ومن
حيث لا يحتسب ثم يربى هذا الطفل
سادات الملاء الاعلىٰ بخدمه الملاء
السافل فلا يزال يتقرر امره ويزداد شانه
حتى ياتى امر الله على ذلك فهذه الطريقة
وقد عليه المذهب فى الفروع والاصول
فكل من ادعى ان الله تعالىٰ اعطاه طريقة
ومذهبا ولم يكن الذى اعطا كما وصفنا
فقد عجز عن معرفة الامر على ما هو عليه
ثم ليس كل احد يقضى له بالطريقة وليس
عندالله جراف ولا تخمين فى شيء من
الاشياء بل انما يعطى من جبل مباركا زكيا
فيه امداد الافلاك السبعة والملاء الاعلىٰ
والسافل وله رحمة خاصة من التدلى
الاعظم فكم من عارف عظيم العزة اوفانى
باقى شديد الفناء سابغ البقاء ليس
بمبارك زكى فلا يعطاها وكذلك لا
يتعاطى حفظها كل احد بل لكل امر رجل
خلق له ويسرت جبلته لذلك اما صورة
ظهورها فنشاة اخرى وراء النشات
المتعارفة حقيقها بركة فائضة فى
الاعراض والافعال.

مشهد آخر عرفنى رسول الله صلى
الله عليه وسلم ان فى المذهب الحنفى
طريقة انيقة هى اوفق الطرق بالسنة

دائیں اور بائیں سے اور وہاں سے جہاں اس کا گمان
نہ ہو پھر اس طفل کی تربیت کرتے ہیں سادات ملاء
اعلیٰ اور اس کی خدمت کرتے ہیں ملاء سافل پھر ہمیشہ
اس کی شان بڑھتی جاتی ہے جب تک حکم الٰہی آئے تو
پس یہ ہی طریقت ہے اور اسی پر قیاس کرلو مذہب
فروع واصول میں پھر جو شخص دعویٰ کرے کہ اللہ تعالیٰ
نے اسے طریقت عطا کی یا مذہب عنایت کیا اور اسے
یہ باتیں جو ہم نے بیان کیں نہ عنایت ہوئی ہوں وہ
عاجز ہے طریقت کی معرفت سے جیسے اس کی حقیقت
ہے اور ہر شخص کے واسطے اللہ تعالیٰ کا حکم نہیں ہوتا
طریقت کا اللہ تعالیٰ کے پاس بیکار نہیں ہے کوئی چیز
بلکہ اس کو اپنی سرشت اور جبلت میں مبارک اور زکی
ہے اعداد افلاک اور ملاء اعلیٰ اور ملاء سافل عندیت
ہوتی ہے اور اس کی ایک رحمت خاص ہے تدلی اعظم
سے پس کتنے ہی عارف عظیم المعرفۃ یا فانی باقی شدید
الفنا کامل البقا ہیں کہ مبارک وزکی نہیں ان کو نہیں عطا
ہوتی اور اسی طرح نہیں عنایت ہوتی نگہبانی طریقت
کی کہ ہر شخص کو بلکہ ہر امر کے واسطے ایک مرد پیدا
کیا گیا ہے اور اس کی جبلت میں وہ کام آسان
کردیا گیا ہے لیکن اس صورت ظہور کا عالم ان عوام
متعارف کے علاوہ ہے کہ حقیقت اس کی برکت
فائضہ ہے اعراض وافعال میں۔

مشہد آخر مجھ کو پہنچادیا رسول اللہ ﷺ نے
حنفی مذہب میں ایک بہت اچھا طریقہ ہے وہ بہت
موافق ہے اس طریقہ سنت سے جو تنقیح ہوا بخاری اور

المعروفة التي جمعت ونقحت في زمان البخاري واصحابه وذلك ان يؤخذ من اقوال الثلثة قول اقربهم بها في المسئلة ثم بعد ذلك يتبعه اختيارات الفقهاء الحنفيين الذين كانوا من علماء الحديث فرب شيء سكت عنه الثلاثة في الاصول وما تعرضون النفية ودلت الاحاديث عليه فليس بد من اثباته والكل مذهب حنفي.

مشهد آخر ما بين قبره صلى الله عليه وسلم ومنبره روضة من رياض الجنة كما ورد في الصحيح اما نية ذلك فما شاهدنا من الانوار الرابية على كل نور وان من صلى هنالك يستغرق في بحر النور وان يلتفت واما النية فان الانسان اذا صار محبوبا اى دخل في جوهر روحه هذه البرزة المثالية او هذه النقطة التدبيرية فكان منظورا للحق والملاء الاعلىٰ عروسا جميلا فكل مكان حل فيه انعقدت وتعلقت به همم الملاء الاعلىٰ وانساق اليه افواج الملائكة وامواج النور لا سيما اذا كانت همته تعلقت بهذا المكان والعارف الكامل معرفة وحالا له همته يحل فيها نظر الحق يتعلق باهله وماله وبيته ونسله ونسبه وقرابته

اس کے ساتھ والوں کے زمانہ میں اور وہ ہے کہ مسئلہ میں اقوال ثلثہ یعنی امام اعظم اور صاحبین میں سے جو قول اقرب ہو وہ لے لیا جائے، پھر بعد اس کے فقہاء حنفی جو علمائے حدیث سے ہیں کیونکہ بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو امام اور صاحبین نے اصول میں نہیں بیان کیں اور نہ ان کی نفی کی ہے اور حدیثیں ان پر دلالت کرتی ہیں تو ان کا اثبات ضرور ہے اور سب مذہب حنفی ہیں۔

مشہد آخر درمیان منبر مکرم اور روضہ منورہ رسول اللہ ﷺ کے ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے جیسا کہ آیا ہے صحیح حدیث شریف میں سو نیت اس کی تو یہ ہے کہ ہم نے مشاہد کیا اس کا نور سب نوروں پر فائق ہے اور جو وہاں نماز پڑھتا ہے وہ دریائے نور میں مستغرق ہوجاتا ہے اگرچہ وہ التفات نہ کرے اور نیت یہ ہے کہ جب انسان محبوب ہوجاتا ہے یعنی اس کے جوہر روح میں یہ برزہ مثالیہ یا یہ نقطہ تدبیر داخل ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا منظور نظر ہوجاتا ہے اور ملاء اعلیٰ کے واسطے ایک عروس جمیل بن جاتا ہے تو جس مکان میں جاتا ہے ملاء اعلیٰ کے ہمیں اس کے ساتھ منعقد اور متعلق ہوجاتے ہیں اور ملائکہ کی فوجیں اور انوار کی موجیں اس کی طرف چلی آتی ہیں۔ خصوصاً جب اُس کی ہمت متعلق ہو اس مکان معظم کی طرف اور جو عارف کامل معرفت وحال میں ہوتا ہے اس کی ہمت میں نظر حق نفوذ کرتی ہے اور جو علاقہ رکھتی ہے اس کے اہل اور مال اور گھر اور نسل

واصحابه يشمل المال والجاه وغيرها ويصلحها فمن ذالك تميزت ماثر الكمل من ماثر غيرهم.

مشهد آخر استاذنته صلى الله عليه وسلم في رد ما اورده علماء الحرمين على بعض الصوفية فلم ياذن لي ورايت العلماء العالمين وفق علمهم المشتغلين بنوع من التصفية الناشرين للعلم والدين لقرب اليه واكرم واحب عنده من هؤلاء الصوفية وان كانوا اهل الفناء والبقاء والجذب الناشي من صميم النفس الناطقة والتوحيد وغير ذلك من المقامات الشامخة عند الصوفية بيان هذا المجمل ان هنا طريقتين طريقة انتقلت الى الخلق بانتقاله صلى الله عليه وسلم وهي بالوسائط وهي ترجع الى تهذيب الجوارح وبالطاعات والقوى النفسانية بالذكر والتزكية وحب الله والنبي صلى الله عليه وسلم الىٰ تهذيب الناس نشرا للعلم وامر بالمعروف ونهي عن المنكر وسعيا فيما ينفع الناس عامة وما يناسب هذه المذكورات وطريقة بين الله وبين عبده من حيث اوجده فوجد وفاضه ففاض وليس في هذه واسطة اصلا ومن سلك في هذه فانما شانه ان يتنبه بحقيقة انا ويتنبه في ضمن هذا التنبه

اور نسب اور قرابت اور یاروں کے ساتھ شامل ہوتی ہے مال اور ابرو وغیرہ کو اور اصلاح کرتی ہے اور اسی سے کملا اور غیر کملا کسر تیں متمیز ہوتی ہیں۔

مشهد آخر میں نے اجازت چاہی رسول اللہ ﷺ سے رد کرنے کی جو علماء حرمین نے بعضے صوفیوں پر اعتراض کیے ہیں تو مجھ کو اجازت نہ دی اور میں نے دیکھا کہ علمائے عالمین جن کا علم موافق ہے مشتغلین تصفیہ سے اور نشر علم ودین کرتے ہیں آپ کے بہت قریب ہیں اور آپ کو عزیز ہیں اور آپ کے محبوب ہیں ان صوفیوں سے اگرچہ وہ اہل فنا اور بقاء اور جذبہ جو ظہور کرے نفس ناطقہ سے اور توحید وغیرہ میں سے ہوں جو صوفیہ کے نزدیک عالی مقامات میں سے ہیں۔ بیان اس مجمل کا یہ ہے کہ یہاں دو طریقے ہیں: ایک طریقہ تو یہ ہے کہ خلقت کی طرف منتقل ہوا انتقال رسول اللہ ﷺ سے بالوسائط اور وہ راجع ہے طرف تہذیب جوارح کی عبادت ہے اور قوائے نفسانیہ کے ذکر اور تزکیہ اور حُبّ اللہ اور حب نبی ﷺ سے اور لوگوں کی تہذیب کرتی نشر علم اور امر معروف ونہی منکر سے اور لوگوں کے نفع رسانی میں کوشش کرنے سے اور جو ان مذکورات کے مناسب ہو اور دوسرا طریق اللہ اور اس کے بندے میں ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے ایجاد کیا ویسا اُس نے پایا اور جو افاضہ کیا اس کو پہنچا اور اس میں اصلاً واسطہ نہیں ہے جس نے سلوک کیا اس طریقہ کا اس کا حال یہ ہے کہ وہ شخص متنبہ ہوا حقیقت انا سے اور اس تنبہ

بالحق ويتشعب من ذلك الفناء والبقاء والجذب والتوحيد وغيرها وكلامنا فى الطريقة الثانية انها ليست عند النبى صلى الله عليه وسلم بممنوهة ولا مرغوبة لانه عليه الصلوٰة والسلام عنوان فيضان الطريقة الاولىٰ وجعله الله فى الخلق وكرا لعنايته بافاضتها ومظنة لظهورها والاشياء يتفاضل فيما بينها بوجه دون وجه ان اعتبرتها بما هى فى ظرف الوجود العام الذى لا يغادر جهة الا احطاها حصلت تلك الوجوه التى يقع بها التفاضل وكان الفضل دائرا فيها والمنافسة منقسمة بينها وان اعتبرتها مضافة الىٰ سبب واحدا ضمحل الفضل من وجه وبقى من وجه فكان احد الاشياء عديم الفضل اصلاً نعم لما انتقل هذا النور الى الناسوت انتفع السالكون بكلى الطريقتين اهل الجذب بانفسار التنبيه الاجمالى عليهم بسبب هذا النور فانشرحت عليهم المعارف ولذلك ترى العرفاء ينقدح معارفهم من الكتاب والسنة اهل السلوك باجهاشهم الىٰ هذا النور واندراجهم فيه وتقويمهم به فتدبر فان المسئلة دقيقة.

کے ضمن میں حق سے اور اس سے منشعب ہوئی فنا اور بقا اور جذب اور توحید وغیرہ اور ہماری گفتگو دوسرے طریقہ میں ہے کہ یہ طریقہ آنحضرت ﷺ کے نزدیک عالی نہیں اور نہ مرغوب ہے آپ کے اس واسطے کہ آنحضرت ﷺ عنوان ہیں فیضان طریقۂ اول کے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو گردانا ہے آشیانہ اپنی عنایت کا اس طریقہ کے افاضہ اور اس کے ظہور کے واسطے جائے مقرر کی ہے اور اشیاء آپس میں فضیلت رکھتے ہیں ایک وجہ سے نہ دوسری وجہ سے اگر تو اعتبار کرے اُس شے کا کہ ظرف وجود عام میں ہے ایسا کہ سب جہات کو محیط ہو، کسی کو نہ چھوڑیں تو حاصل ہوں گی ایسی وجہیں کہ جس سے تفاضل واقع ہو اور ہوگا فضل دائر انہی اور منافست منقسم ہوگی ان میں اور اگر تو اعتبار کرے اس کو مضاف سبب واحد کی طرف تو ایک وجہ سے فضل جاتا رہے گا اور دوسرے وجہ سے باقی رہے گا اور احد الاشیاء کو فضل اصلاً نہ رہے گا۔ ہاں یہ بات ہے کہ جب منتقل ہوتا ہے یہ نور طرف ناسوت کے تو دونوں طریقوں سے سالکوں کو نفع ہوتا ہے اہل جذب پر تو انفسار تنبیہ اجمالی کا ہوا بسبب اس نور کے تو ان پر کھل گئیں معرفتیں اور اسی سبب تم دیکھتے ہو عارفوں کو کہ اپنی معرفتیں کتاب اور سنت سے مطعون وخلاف رکھتے ہیں اور اہل سلوک اس نور سے تضرع کرتے ہیں اور آرزو کرتے ہیں اور اس نور میں مندرج ہوتے ہیں اور اس سے قوام پاتے ہیں پس غور کرو کیونکہ یہ مسئلہ دقیق ہے۔

مشهد آخر هل تعرف لم كان الشيخان رضى الله عنهما افضل من على كرم الله وجهه مع انه اول صوفى واول مجذوب واول عارف فى هذه الامة ولا ترى هذه الكمالات فى غيره الا قليلا من قبل التطفل على النبى صلى الله عليه وسلم تبينت هذه المسئلة على النبى صلى الله عليه وسلم فاظهر لى وذلك ان الفضل الكلى عند النبى صلى الله عليه وسلم ما يرجع الىٰ تمام امر النبوة كاشاعة العلم وتسخير الناس على الدين وما يناسبه واما الفضل الراجع الى الاولاية كالجذب والفناء فليس الا فضلا جزئيا من وجه ضعيف والشيخان كانا من المجردين للاول حتىٰ انى اراهما بمنزلة فوارة ينبع منها الماء فالعناية التى حلت بالنبى صلى الله عليه وسلم ظهرت بعينها فيهما فهما بحسب كما لهما بمنزلة العرض الذى ليس هو الا قائما بجوهر ومتمما التحققه فعلى كرم الله وجهه وان كان اقرب اليه بحسب النسب والجبلة والفطرة المخبوبة منهما واقوى جذبا واشد معرفة لكن النبى صلى الله عليه وسلم بحسب كمال النبوة اميل اليهما ولذلك لم يزل العلماء الحملة لمعارف النبوة يفضلونهما

مشہد آخر کیا تم جانتے ہو کہ شیخین رضی اللہ عنہما کس لئے افضل ہوئے حضرت علی کرم اللہ وجہ سے؟ باوجود یہ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہ اس امت میں اول صوفی اور اول مجذوب اور اول عارف ہیں اور یہ سب کمالات اور میں نہیں مگر قلیل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں نے یہ مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں عرض کیا تو مجھ پر ظاہر ہوا کہ فضل کلی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک وہ ہے کہ راجع ہو طرف امر نبوت کے اور پورا پورا جیسے اشاعت علم کی اور لوگوں کی تسخیر دین کی طرف اور جو اُس کے مناسب ہو اور جو فضل کہ راجع ہو ولایت کی طرف جیسے جذب وفنا تو وہ فضل جزئی ہے اور ایک وجہ سے ضعیف ہے اور شیخین رضی اللہ عنہما اول قسم کے ساتھ مخصوص تھے۔ یہاں تک کہ میں ان کو دیکھتا ہوں بمنزلہ فوارہ کے کہ اس میں سے پانی نکل رہا ہے تو جو عنایت اللہ تعالیٰ کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوئی بعینہ وہ حضرات شیخین رضی اللہ عنہما میں ظاہر ہوئی۔ پس آپ دونوں حضرات کمال کے اعتبار سے بمنزلہ ایک ایسے عرض کے ہیں جو جوہری کے ساتھ قائم اور اس کی تحقیق کو اتمام دینے والا ہے۔ پس حضرت علی کرم اللہ وجہ اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت قریب ہیں نسب میں، جبلت اور فطرت محبوبہ میں حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے اور جذب میں بہت قوی اور معرفت میں زیادہ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم بحسب کمال نبوت حضرت شیخین رضی اللہ عنہما کی طرف بہت مائل ہیں اور اسی باعث سے جو علماء معارف نبوت سے واقف ہیں ان کی تفضیل کرتی ہیں

ولم يزل العلماء الحملة لمعارف الولاية يفضلونه ولذلك كان مدفنهما بعينه مدفن النبي صلى الله عليه وسلم اكثر الامور العادية لها مبدأ معنوى مثل هذا الذى اشرت اليه ومثل جعل الحجرة المانعة للوصول الى قبره صلى الله عليه وسلم وذلك سر قوله عليه الصلوٰة والسلام اللهم لا يجعل قبرى وثنا يعبد من دونك.

اور جو علماء معارف ولایت سے آگاہ ہیں وہ حضرت علی کرم اللہ وجہ سے تفضیل کرتے ہیں اور اسی واسطے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کا مدفن بعینہ مدفن رسول اللہ ﷺ کا ہے اور اکثر امور عادیہ کا مبدأ معنوی ہے مانند اس کے جس کا اشارہ کیا میں نے تم سے اور مانند گردانئے حجرہ مبارک کے مانع قبر تک پہنچنے سے اور یہ سر ہے قول رسول اللہ ﷺ کا جو آپ نے فرمایا: اللھم لا تجعل قبری وثنا یعبد من دونک.

مشهد آخر صلى الله عليه وسلم رايت لله سبحانه بالنسبة الى النبى صلى الله عليه وسلم نظرًا خاصًا كانه الذى يعنى من مثل لولاك لما خلق الافلاك فاشتقت الى تلك النظرة واعجبتنى اشد عجب فلصقت به صلى الله عليه وسلم وتطفّلت عليه وصرت كالعرض بالنسبة الى الجوهر فسامت تلك النظرة واكتهت كنهها وصرت منظرا ومرءٍ لها فاذا هى ارادة الظهور وذلك لان الحق اذا اراد ظهور شان احبه وانظر اليه وشانه صلى الله عليه وسلم ليس بشان رجل واحد بل نشاة مبتداة منبسطة على هياكل البشر والبشر نشاة منبسطة علىٰ وجه الموجودات فكانه صلى الله عليه وسلم غاية الغايات وآخر نقاط الظهور ولكل

مشہد آخر میں نے دیکھا کہ نبی ﷺ کی طرف اللہ تعالیٰ کی ایک نظر خاص ہے گویا کہ وہ مراد ہے مثل لولاک لما خلقت الافلاک سے مجھ کو اس نظر کا شوق ہوا اور مجھ کو نہایت تعجب ہوا پس میں ملاحق ہوگیا آنحضرت ﷺ سے اور طفیلی بن گیا اور ہوگیا میں جیسے جوہر کے ساتھ عرض پس اصرار کیا میں نے اس نظر کا اور دریافت کیا کنہ اُس کا اور ہوگیا میں اس کا منظر اور آئینہ تو وہ ارادہ ظہور تھا اور یہ اس لئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ کیا ظہور شان کا تو اس کو دوست رکھا اور اس کی طرف نظر کی اور شان رسول اللہ ﷺ ایک مرد واحد کی شان نہیں ہے بلکہ ایک عالم مبتدا ہے جو صورت بشر پر منبسط ہے اور بشر ایک عالم منبسط ہے وجہ موجودات پر تو گویا آنحضرت ﷺ غایت الغایات ہیں اور ظہور کے آخر نقاط ہیں اور ہر موج کی حرکت ہیں اس کی

موج حركته الىٰ منتهاه ولكل سيل شوق
الى مبلغه فتدبر فالسر دقيق.

مشهد آخر رايت الشفع اليه صلى الله
عليه وسلم والتوسل لديه بعلماء
الحديث والدخول فى عدادهم وبعلم
الحديث حفظه على الناس عروة وثقى
وحبلا ممدودا لا ينقطع فعليك ان
تكون محدثا او متطفلا على
محدث ولا خير فيما سوى دينك فيما
ارى والله اعلم بالصواب.

مشهد آخر العارف اذا كمل التصفت
روحه بالملاء الاعلىٰ وهنالك حضرة
عالية شامخة ارتفعت لهم هممهم ولم
ترتفع ثم اجسادهم واولئك ثم علىٰ همة
رجل واحد راجعة الىٰ تدبير وحدانى وان
اختلفوا فى تفاصيلها فتدلىٰ هنالك فى
تلك الحضرة رب العالمين فغشيهم من
النور ما غشيهم واختفت هممهم تحت
شعشان تلك الانوار حتىٰ لا تكاد تتميز
منها ولا يتمايز بينهما وان انا ضربت
لحالهم تلك مثلاً فلا تعج بى الىٰ كل
غور ونجد فان الامثال لا تفسر الاشياء الا
من جهة دون جهة هم بمنزلة الهيو هيولىٰ
المخفية التى لا تدرك الا من احكام وآثار
بتخيس من هذا الموجود من جهة مسام

منتہا تک اور ہر سیل کو شوق ہے اپنے مبلغ تک
پس غور کر کہ یہ باریک راز ہے۔

مشهد آخر میں نے دیکھا کہ حضور رسول اللہ
ﷺ میں شفاعت اور توسل ہے ان کو جو علماء محدث
ہیں اور جو اُن کی گنتی میں داخل ہیں اور علم حدیث
شریف اور حفظ حدیث شریف ایک عروہ وثقیٰ اور حبل
ممدود ہے ایسی کہ کبھی منقطع نہ ہو پس تو ضرور لازم
کرلے اپنے پر یہ کہ تو محدث ہو یا محدث کا طفیلی ہو
ان دونوں باتوں کے سوا بہتری نہیں ہے جو میری
رائے میں ہے واللہ اعلم بالصواب۔

مشهد آخر عارف جب کامل ہوتا ہے تو اس کی
روح ملاء اعلیٰ میں جاملتی ہے اور وہاں ایک درگاہ عالی
ہے کہ ان کی ہمتیں وہاں پہنچ جاتی ہیں اور ان کے جسم
وہاں نہیں پہنچتے وہاں اور وہ مرد واحد کی ہمت پر جس
کی ہمت تدبیر وحدانی کی طرف راجع ہو اگرچہ اس
ہمت کی تفصیلوں میں اختلاف ہے پھر تدلی کرتا ہے
اس عالی درگاہ میں رب العالمین پر ڈھانک لیتا ہے
اُن کو نور میں جس قدر ڈھانک لے اور ان کی ہمتیں
چھپ جاتی ہیں اس انوار کی چمک میں یہاں تک کہ
متمیز نہیں ہوتیں وہ ہمتیں اور نہ آپس میں متاثر ہوتی
ہیں اور اگر میں اُن کے اس حال کے مثل بیان کروں
تو دھکا اور خفا نہ ہو مجھ پر ہر نشیب وفراز سے کیونکہ
امثال اشیا کی تفسیر نہیں کرتے ایک جہت سے نہ
دوسری جہت سے اور وہ بمنزلہ ہیولی خفیہ کے ہیں اور
جو دریافت نہیں ہوتا مگر احکام وآثار سے جو جاری

الهيولىٰ التى هى ام القابليات والنور
الغاشى لهم الماحى اياهم بمنزلة الصورة
التى تدرك اول ما يدرك وهى اصل
الفعليات فتخيس فى تلك الحضرة
احكام متولدة من علوم الملاء الاعلىٰ
وهممهم التفصيلية تلطفت فيهم وارتقت
وصفاوتها مع هممهم فمن مسامات
هممهم ينجس فى حظيرة القدس فيضربها
النور ولا يتركها كما هى بل يصيرها قريبًا
من جوهره فتختلف حالات الحضرة
المقدسة فرضًا وسخط وضحك
وتبشبشر وقبض واعراض ونزول فى
اوقات او محال تردد فى القضاء ولعن
الاقوام وايجاب وتحريم ونسخ وامثال
هذه فمن شاهد هذه الحضرة وعرف
اهتزازها وانشراحها وعزيمتها وكونها
كل يوم هو فى شان صارت المتشابهات
عنده محكمات ولم يبق بالاشكال اشكال
ريبة ومن لم يشاهدها لم يصح له ولم
يصلح الا ان يفوّض هذه الامور الى الله
يؤمن بحملتها اذا علمت هذا فتلك
الحضرة قبلة همم الملاء الاعلىٰ ومناط
توجههم ومعقد نواصيهم فمن بلغ هذا
المبلغ وقدر الله سابق عمله ان يحصل له
لم فناوها ربما اضمحل هنالك فليست

ہوتے ہیں اس موجود سے جہت مسام ہیولیٰ سے ایسا
ہیولیٰ کہ جو اصل قابلیات ہے اور وہ نور کہ جس نور نے
ان کو ڈھانک رکھا ہے اور ان کو محو کرلیا ہے وہ بمنزلہ
اس صورت کے ہے جو سبب سے پہلے مدرک ہوتی
ہے اور وہ صورت اصل فعلیات ہے پھر جاری ہوتی
ہیں درگاہ عالی میں احکام وآثار جو ملاء اعلیٰ کے علوم
سے متولد ہیں اور ان کی ہمتیں تفصیلیہ لطیف ہوجاتی
ہیں ان میں اور بلند ہوجاتی ہیں ان کی صفات فرشتوں
کی ہمتوں کے ساتھ پھر ان کی ہمتوں کے مسامات
سے جاری ہوتا ہے حظیرہ قدس میں پھر اس سے نور
چمکنے لگتا ہے اور ویسا ہی نہیں رہتا بلکہ اس کو اپنے جوہر
کے قریب کردیتا ہے بس مختلف ہوتے ہیں حالات
حظیرۃ القدس کے رضامندی اورغصہ وہنسی اور خوشی
وقبض اور روگردانی اور نزول فی اوقات یا فی المواقع اور
تردد فی القضا اورلعن اقوام اور ایجاب اور تحریم اور نسخ
وغیرہ سے تو جس نے مشاہدہ کیا اس درگاہ کا اور اس
کے اہتزاز اور انشراح اور عزیمت کو اور ہر روز ایک
شان میں ہونے کو پہچانا اس کے نزدیک متشابہات
محکمات ہیں اور شک کی کوئی صورت باقی نہ رہی اور
جس نے اس درگاہ کا مشاہدہ نہیں کیا اس کو صحیح نہیں اور
صلاحیت نہیں مگر یہ کہ اللہ کو تفویض کرے اسے اس
متشابہات کا عالم اور سب پر ایمان لائے جب تم نے
یہ جان لیا تو بس وہ درگاہ قبلہ ہے ملاء اعلیٰ ہمتوں کا اور
مناط توجہ ومعقد نواصی ان کا پس جو شخص اس رتبہ کو پہنچ
گیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے سابقہ علم میں اس کے لئے

روحه تسوس جسده بل الحضرة فقط فهو السائسة وهى المرشدة وهى الملهمة وتطفلت على النبى صلى الله عليه وسلم فاعطيت من ذلک کاسا دهاقا و کان من کان والحمد لله رب العالمين وفى محاذات هذه الحضرة حضرة اخرى اسفل منها هى مرقى همم الملاء السافل ومجمع امرهم موضع الهامهم ومحكمة قضائهم ومناط توجههم ما اشبه شانها بشان هذه الحضرة المقدسة الصف الحق بواسطة تدلية هنالک بالمحبة بعباده واتباع رضاهم فى بعض الامر وامثال ذلک والحضرتان جميعا معرفتهما ادق واجل من ان يعالجهما بعقول العامية والله الموفق.

مشهد آخر مما انقدح على من فيض صحبته صلى الله عليه وسلم علوم كثيرة من حال التام معرفة بالله منها ان هذا الشخص يمتاز من سائر الناس بان الاجزاء الفلكية فيه قوية الظهور نافذة الحكم وانها يقوم بها صبغ الٰهى ليجعل جميع معانيها مناسبته بما يلى جناب الحق ومنها ان تام المعرفة لا بل ان يكون فيه نقض التعلقات الدنيوية والاخروية والجسمانية والروحية غصنا طريا لم يخلقه سر سريان الوجود فى

مقرر کردیا تھا کہ اس کو حاصل ہو وہاں فنا اور بقا اکثر اوقات محو ہو جاتا ہے وہاں تو اس کی روح اس کے جسم کی نگہبانی نہیں کرتی بلکہ وہ درگاہ فقط وہی اس کی نگہبان اور وہی مرشد اور وہی ملہم ہے اور میں طفیلی بن گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تو عطا ہوا مجھ کو اس کا ایک جام سرشار بس کیا کہوں کیا تھا۔ جو کچھ تھا الحمد للہ رب العالمین اور اس درگاہ کے محاذی ایک اور درگاہ ہے اس سے نیچے کہ وہ نردبان ملاء سافل کی ہے اور ان کی مجمع امر ہے اور ان کے الہام کی جائے ہے اور اُن کے احکام کا محکمہ اور ان کی مناط توجہ ہے کہ اس کی شان مشابہ نہیں اس درگاہ کی شان کے وہاں حق متصف ہے بواسطہ تدلی کے اپنے بندوں سے محبت رکھنے سے اور ان کی خوشنودی کرنے سے بعض امر نہیں اور دونوں درگاہوں کی معرفت نہایت باریک ہے اور برتر ہے اس سے کہ تمام لوگوں کی عقول وہاں پہنچ سکے واللہ الموفق۔

مشهد آخر فیض صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مجھ پر کھل گئے بہت علوم اللہ کی معرفت کے پورے حال ایک انہی سے یہ ہے کہ یہ شخص سب آدمیوں سے ممتاز ہے اس امر میں کہ اجزاء فلکیہ کا اس میں ظہور قوی اور نافذ الحکم ہے جن سے اور خدائی رنگ اسے قائم ہوتا ہے تاکہ کردیوے اس کے تمام معانی کو اس شے کے مناسب جو جناب الٰہی سے قریب ہے اور ایک یہ ہے کہ تام المعرفت کے واسطے ضرور ہے کہ تعلقات دنیاوی اور اخروی، جسمانی وروحانی اس سے شدت سے دور ہوں اور اس کو بیکار نہ کردے سریان الوجود فی الموجودات کا

الموجودات وتوجه المبداء بالارادة
الحبية الىٰ تلك النشات وفطنت انه معنىٰ
من معانى جزئة الذى يحذو حذو زحل
فلما حل به صبغ الٰهى صار هذا النقض
محبة ذاتية تتوجه الىٰ نقطة الذات فمن
صده عن النقيض والتخلىٰ عن الكل البقاء
بالله والتصرف بالحق فى الخلق ولطلوع
الارادة الحبية من المبداء من طريقة كوة
تشخصه فليس بتام انما التام من حمل هذا
النقض فى وعائه عصنا طريا لم يدنسه حب
مظهر ولو بالحق بحيث يكون عنوانًا
للمحبة الذاتية وجسدا لروحها وشبحًا
لحقيقتها وحمل حب المظاهر لا بنفسه
بل بالحق للخلق لا بانفسهم بل بالحق فى
وعائه ومنها ان كل عارف تام المعرفة فانه
لا ياخذ شيئا الا من نفسه وانما اعداد
المعدات ان ينتبه هذا الفرد على جزء
موجود فيه وينكشف عليه معناه فيظهر
عليه ما لم يكن ظهر من استفاد من غيره
شيئا من غير هذا الوجه فليس بتام المعرفة
ومنها ان كل عارف تام المعرفة فانه يسخر
جميع ما سوى الله تبارك وتعالىٰ وما
سوى اسمائه وتدلياته اما بالقهر هذا فيما
كان ادنىٰ حالاً وانقص قوةً من نشائة هذه
العارف التى البست فوق جامعيته وجعل

سر اور توجہ مبداء کے بارادہ حبیت ان عوالم کے اور میں
نے جان لیا کہ یہ ایک معنی ہیں اس جزء کے جو مقابل
ہے زحل کے پھر جب رنگ الٰہی آتا ہے تو وہ بے تعلقی
محبت ذاتی ہوجاتی ہے کہ نقطہ ذات کی طرف متوجہ ہے
پس جس شخص نے اس کو بے تعلقی اور خلوت کل سے بقا
باللہ ہے اور تصرف بحق خلقت میں اور ارادہ طلوع
حبیت مبداء کا کیا راہ روزن تشخص اپنے سے وہ پورا پورا
نہیں ہے۔ پورا پورا وہ شخص ہے جس نے اس بے تعلقی
کو اپنے ظرف میں بہت مضبوطی سے رکھا اور اس کو
آلودہ نہ کیا مظہر کی حب نے اگرچہ ساتھ حق کے ہو اس
حیثیت سے کہ عنوان ہو محبت ذاتی کا اور اس کی حقیقت
کا کالبد اور حمل کیا حب مظاہر کو لا بنفسہ بلکہ بالحق واسطے
خلقت کے نہ ان کے نفسوں سے بلکہ بالحق ہو ان کی
طرف میں اور ایک یہ ہے جو عارف کامل معرفت ہوتا
ہے وہ کسی سے کچھ نہیں حاصل کرتا مگر اپنے نفس سے ہی
اخذ کرتا ہے اور تحقیق آمادگی معدات یہ ہے کہ وہ فرد
آگاہ ہو اس جزو سے جو اس میں موجود ہے اور اس کے
معنی اس پر کشف ہوجائیں، پھر اس کو ظاہر ہوجائے جو
ظاہر نہ ہوا تھا تو جو شخص اپنے سے سوا کسی سے استفادہ
کرے سوا اس وجہ کے وہ کامل معرفت ہے اور ایک یہ
ہے جو عارف کامل معرفت ہوتا ہے اس کے سب مسخر
ہوتے ہیں سوا اللہ تعالیٰ کے اور سوا اس کے اسماء اور
تدلیات کے یا تو زبردستی سے یہ اس صورت میں ہے کہ
حال ادنی اور قوت ناقص ہو عارف کے اس عالم کے جو
جامعیت کے اوپر پہنایا گیا ہے اور کردیا ہے حجاب سوا

حجابًا دون معانية فتارة يكون بهيمة
مختلطة بالملكية قوية بقوية او ضعيفة
بضعيفة وضعيفة بقوية فيختلف الاحكام
والآثار فيورث نكرة عند العوام الناظرين
الى اللباس دون الجامعية والواقفين على
الصور دون المعانى واما بالمناسبة
وذلك فيما كان اقوى حالا واتم تاثيرا
من تلك النشاة اللباسية والحجابية وسر
المناسبة انما ينشاء من جزء فى العارف
يقوم مقام هذا المراد تسخيره فبينه وبين
عروق ممتدة وما ساريقا واصله من جهة
سر تلك النشائة المشركة فيها فاذا توجه
العارف الىٰ ذلك الجزء اشد توجه
حرّك بتلك الخيوط المسترة ذلك
المراد تسخيره اما الاسماء والتدليات فلا
تكون مسخرة لشعشان نور الربوبية نعم
هنالك بآراء محبوبية فتتحرك
المحبوبية ويتحرك الحب بازايه
ويتحرك التدلى والاسم الذان يناسبان
هذا الحب فمن لم يعرف هذا التسخير
المستطير ولم يره فى نفسهٖ فليس بتام
المعرفة وفطنت ان هذا التسخير
المستطير معنىً من معانى جزئه الذى
يحذو حذو الشمس لما انصبغ بصبغ الٰهى
صار التسخير الذى فيه هذا المستطير

معانی کے تو کبھی ہوتی ہے بہیمت ملکیت سے مختلط
قوی قوی سے یا ضعیف ضعیف سے یا ضعیف قوی سے۔
پس مختلف ہوتے ہیں احکام وآثار تو انکار ہوتا ہے عوام کو
جو دیکھنے والے ہیں طرف لباس کے نہ جامعیت کے اور
ظاہر کے دیکھنے والے ہیں نہ معانی کے اور یا مسخر ہوتے
ہیں اس عارف کامل کے سب ساتھ مناسبت کے اور یہ
اس صورت میں کہ قوی حال ہو اور قوی تاثر ہو اس عالم
لباسیت اور حجابیت میں اور سر مناسبت کا بیشک ظاہر ہوتا
ہے اس جزو سے جو عارف میں ہے کہ اس مراد کے قائم
مقام ہوتا ہے اس کی تسخیر تو درمیان اس عارف اور اس
جزو کے رگین ہیں ممتدہ اور ماساریقا اور اصل اس تسخیر
کی جہت سے اس سر عالم مشترک سے جو اس میں ہے
تو جب متوجہ ہوتا ہے عارف طرف اس جزو کے بہت
توجہ سے تو حرکت کرتی ہے ان خیوط مستترہ سے وہ مراد
واسطے تسخیر کے لیکن اسما اور تدلیات نہیں مسخر ہوتی
بسبب چمکنے نور ربوبیت کے۔ ہاں یہاں حب ہے
مقابل محبوبیت کے تو متحرک ہوتی ہے محبوبیت اور
حرکت کرتی ہے اس کے مقابل حب اور متحرک ہوتی
ہے تدلی اور اسم وہ دونوں جو مناسب ہیں اس حب
کے پس جو شخص نہیں پہچانتا اس تسخیر مستطیر کو اور اپنے
نفس میں نہیں دیکھتا وہ شخص کامل معرفت نہیں ہے اور
مجھ کو دریافت ہوا کہ یہ تسخیر مستطیر معانی میں سے ہے
اس جزو کے جو مقابل ہے شمس کے جس وقت رنگا جاتا
ہے رنگ الٰہی سے ہو جاتا ہے وہ جزو تسخیر سے جس میں
یہ مستطیر اور ان میں ایک یہ ہے کہ کامل المعرفت کی

ومنها ان تام المعرفة لروحه تحقيق وعنايته بكل شيء من طريقة ومذهبه سلسلة ونسبة وقرابة وكل ما يليه وينسب اليه وعنايته هذه يختلط بها عناية الحق وذلك لان نفسه اذا تجردت عن كدورات الجسد ولصقت بالملاء الاعلىٰ وتجلى هنالك الحق وانما يكون التجلى بحسب استعداد المتجلى له وهذه النكتة هو الذى قصدنا له فى ضرب المثل بالهيولىٰ والصورة يتلون تلك النفس بلون الحق وتصير كانها تدلى من تدليات الله تعالىٰ الى خلقه لذلك الانصابغ والامتزاج والاختلاط المشار اليه فعند ذلك يقع توجه نفسه الىٰ هذه الامور معد الانعطاف جناب القدس اليه فاذا تمكن هذا السر فى اضلاع النفس وسعوبة وشجونة وجميع فنونة اختلط النظر الالٰهى بكل ذلك فصار اكسيرًا يستشفى به وانما اريد بشجون النفس وشعوبه ما يتوجه اليه النفس من غير جمع الهمة بعادة او ملكة غير مستقرة وللكامل من جهة هذا السر آثار وحده كثيرة وفطنت بان هذا المعنىٰ من معانى جزئه الذى يحذو حذو زحل مختلطًا بالمشترى حين حل به صبغ الٰهى ومنها ان تام المعرفة منعم

روح میں تیز نظری اور غور وعنایت ہوتی ہے ساتھ ہر شے کے طریقت اور مذہب اور سلسلہ اور نسبت اور قرابت شے اور جو اس سے قریب ہو اور اس کی طرف نسبت رکھے اور کامل معرفت کی اس عنایت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عنایت مختلط ہوجاتی ہے اور یہ بات اس واسطے ہے کہ اس کا نفس جب کدورات جسم سے مجرد ہوجاتا ہے اور ملاء اعلیٰ سے مل جاتا ہے اور وہاں تجلی حق کی ہوتی ہے اور وہ حق کی تجلی کے موافق استعداد اس شخص کے ہوتی ہے جس کے واسطے تجلی کی گئی اور یہ وہی نکتہ ہے جسے ہم نے ضرب المثل میں ہیولی اور صورت کیا ہے تو متلون ہوجاتا ہے نفس لون حق سے اور ہوجاتا ہے گویا ایک تدلی حق کی تدلیات میں سے جو خلقت کی طرف ہیں بسبب انصباغ وامتزاج واختلاط مذکور جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ پس اس وقت اس کا نفس متوجہ ہوتا ہے ان امور کی طرف اور اس کی توجہ معد ہوجاتی ہے واسطے منعطف ہونے جناب اقدس کی اس کی طرف تو جب قرار پذیر ہوگیا یہ امر اس کے پہلو کی ہڈیوں میں اور اس کے شعبوں اور رگوں میں اور پٹھوں میں تو مختلط ہوجاتی ہے نظر الٰہی اُن سب میں تو وہ شخص اکسیر بن جاتا ہے جس سے لوگوں کو شفا ہو اور میری مراد نفس کی رگوں اور پٹھوں سے وہ شے ہے جس کی طرف نفس بے قصد کے متوجہ ہو اور بے عادت اور بلکہ غیر مستقرہ کے اور واسطے اس کامل کے اس سر کی جہت سے احکام وآثار بہت ہیں اور دریافت ہوا کہ یہ بات بامعانی میں سے ہے اس جزو

بجميع النعم التي انعم الله بها على السموات والارضين والمواليد وكل ما في بين ذلك من الملائكة والانبياء والاولياء والملوك وغيرهم وذلك ان فيه اجزاء كل منها يحذو حذو شيء من الموجودات فهو نسخة اجمالية جامعة لجميع الموجودات وكل جزء منه اذا تتبعنا تفصيله انفسر بتلك النشاة فكل ما وقع من نعمة فانما محلها الجزء ومن الاجزاء وهو مطلوب بشكر كل هذه النعم وليس كلامنا من قبيل المسامحة والتجوز بل هو الحقيقة التي لا يتجاوزها نفس الامر نعم اذا تجرد للتشخص الكلي المنبث في جميع المخلوقات حضرت هذه السر واذا انحدر الىٰ ما يلي التشخصات الجزئية استتر عنه.

مشهد آخر كنت منتظرًا لمعنىٰ حديث سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم اين كان ربنا قبل ان يخلق خلقه قال كان في عماء الخ فافيض عليّ هذا السر فتمثل لي نور عظيم في اعالي بعد هيولاني قد احاط بمجامع هذا البعد تدبيرا بخطوط شعاعية ممتدة منه الىٰ جميع نواحيه وقيل هذا هو المشار اليه بقوله عليه السلام كان في عماء وهذا البعد

کی جو مقابل زحل مختلط یا مشتری کے ہے بوقت حلول کرنے رنگ الٰہی کے اور ان میں سے ایک یہ ہے کامل معرفت کو وہ سب نعمتیں ملتی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے دی ہیں سب آسمانوں اور سب زمینوں اور موجودات کو اور جو ان میں ہیں ملائکہ اور اولیاء اور بادشاہ وغیرہ ہم اور یہ امر اس واسطے ہے کہ اس کامل معرفت میں جو اجزاء ہیں، تمام موجودات کے مقابل میں گویا کہ وہ ایک نسخہ اجمالی ہے جامع تمام موجودات کا اور جب اس کے ہر جزو کی تفصیل کرنا چاہیں تو عالم میں ظاہر ہو جائے تو جو نعمت واقع ہوگی اس کا محل کوئی جزو ہوگا اجزاء میں سے اور وہی ان نعمتوں کے شکر سے مطلوب ہے اور ہمارا کلام کچھ سرسری مسامحت اور تجویز سے نہیں ہے بلکہ حقیقت نفس الامری ہے۔ یہاں یہ سر جب میسر ہوگا کہ جس وقت مجرد ہو جائے واسطے تشخص کلی کے جو منتشر ہے جمیع مخلوقات میں اور جب پستی میں چلا جائے تشخصات جزئیہ کی تو یہ سر اس سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

مشهد آخر میں اس حدیث شریف کے معنیٰ کا منتظر تھا اور وہ یہ ہے کہ سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این کان ربنا قبل ان یخلق خلقیہ قال کان فی عماء الخ تو مجھ پر افاضہ ہوا یہ سر کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نور عظیم ہے اعالی بعد ہیولانی میں اور اس نے گھیر لیا ہے اس بعد کے مجامع کو از روئے تدبیر کے ان خطوط شعاعی سے جو اس نور سے ممتد ہیں اس کے جمیع نواحی کی طرف اور سنائی دیا کہ یہ وہی ہے جس کا اشارہ کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے

الهيـولانـي هو العـمـاء وهـذه الاحـاطة بـالخطوط الشعاعية هى القهر المشار اليه بقوله تبارك وتعالىٰ: هو القاهر فوق عباده فحين ظهر هذا السر ثلج قلبى كانى لا اجد شبهة ولا مسئلة اسائل عنها ثم من بعد ذلك انحدرت الىٰ حين الفكر فـفطنت ان الذات الٰهية اقتضت واستلزمت ظهور استعدادات كانت مندرجة فيها فظهرت هنالك فى صقع الوجوب ظهورا عقليا وتمثلت هنالك بهٰذا الظهور اعيان الممكنات وشون ظهور الواجب فى كل نشاة وقدابه فى كل برزة واقتضت الذات الالٰهية باتصافها هذه الظهورات عدمًا ومادةً وخارجًا فاظهر فيه ما كان منطويًا فى كورة الاعيان والاسماء واول ما ظهر هنالك نور الٰهى اخذ بمجامع العدم والمادة وتسلط عليه وهو قائم مقام الذات الالٰهية وهو قديم بالزمان لان الزمان والمكان والمادة عندنا شىء واحد هو هذا الاستعداد الذى سميناه بالعدم والخارج وفيه الارادات المتجددة وهو اول شىء نطق بشانه السنة الشرائع وذلك لانه انما سئل عن اين ولم يكن حينئذ يصلح الجواب الا ما ظهر فى الخارج.

حدیث شریف میں۔ کان فی عماء یہ بعد ہیولانی وہ عماء ہے اور یہ احاطۂ خطوط شعاعی سے وہ قہر ہے جس کی طرف اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن شریف میں اشارہ فرمایا ہے: ھو القاھر فوق عبادہ پس جس وقت یہ سر ظاہر ہوا میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوگیا اور قلب مطمئن ہوگیا۔ گویا کچھ شبہ ہی نہ رہا اور نہ کوئی مسئلہ جس کو پوچھوں بعد اس کے میں حیز فکر میں چلا گیا تو دریافت ہوا کہ ذات الٰہی مقتضی اور مستلزم ہوئی اُن استعدادات کی ظہور کی جو اس میں مندرج تھیں تو ظاہر ہوئے اُس جگہ کنارہ وجوب میں از روئے ظہور عقلی کے اور متمثل ہوگئیں اس ظہور سے اعیان ممکنات اور شانیں ظہور واجب کے ہر عالم میں اور اس کی تدلی ہر ایک برزہ میں اور اقتضا کیا ذات الٰہی نے اس ظہورات سے متصف ہونا ساتھ عدم اور مادہ اور خارج کے تو اس میں ظاہر کردیا منطوی تھا گوشہ اعیان میں اور اسماء میں اور جو سب سے پہلے نور الٰہی ظاہر ہوا اس نے مجامع عدم اور مادہ کو اخذ کیا اور اس پر مسلط ہوگیا اور وہ قائم مقام ذات الٰہی کا ہے اور وہ قدیم بالزمان ہے اس واسطے کہ زمان اور مکان اور مادہ ہمارے نزدیک ایک شے واحد ہے وہ یہ استعداد ہے جسے ہم نے عدم اور خارج کہا ہے اور اس میں ارادت متجددہ ہیں اور وہ اول شی ہے جس کی شان میں زبان شرائع ناطق ہیں۔ اس واسطے کی تحقیق سوال کیا گیا لفظ این سے اور اس کے جواب کی صلاحیت وہ ہی چیز رکھتی ہے جو خارج میں ظاہر ہو۔

مشهد آخر فاض علي من جنابه المقدس صلى الله عليه وسلم كيفية ترقي العبد من حيزه الى حيز القدس فيتجلى له حينئذ كل شيء كما اخبر عن هذا المشهد في قصة المعراج المنك فربما رجع نظره قهقرى الىٰ ما جرى عليه من الوقائع فيعرف ما كان منها الهاما من الحق وتقريباً مما كان من الطبع وتسويل الشيطان وربما علم علما اصرح ما يكون ما يتداولها الملاء الاعلىٰ من العلوم الناموسة والانذار بالوقاع الآتية ومخاصمة الناس تنزلا الىٰ مداركهم واحتيالا لفك عقلتها مما يناسب تلك العلوم في تلك النشاة ومن هيئات الملاء الاعلىٰ ومقاماتهم ومقامات الملائكة وارواح الاولياء والانبياء والملاء السافل وما يضاهي ذلك وهذه العلوم كلها علوم القرآن العظيم فرايت من طرح جلباب الطبع والتجرد عن الالف والعادة والمحسوسات والانصباغ بصبغ تلك الحضرة امرا عظيما ثم قيل لي هذا حضرة روية لا حضرة كلام ثم اذا اراد الحق ان يتدلى الى الخلق بكتاب ينزله البس صاحب هذا المشهد لباسا نورانيا رقيقا فانقلب هذه الرؤية بالنسبة اليه كلاما ثم

مشهد آخر افاضہ ہوئے مجھ پر جناب مقدس ﷺ سے بندہ کی اپنے مقام سے مقام قدس کی طرف ترقی کرنے کی کیفیت پھر اس وقت اس کو ہر شے روشن ہوجاتی ہے جیسا خبر دی گئی ہے اس مشہد کے قصہ معراج منامی میں تو اکثر اوقات آدمی کی نظر پیچھے ہٹتی ہے، اُلٹے پاؤں ان وقائع کی طرف جو اس پر گذرے ہیں تو جان جاتا ہے اُن واقعات کو جو الہام خداوند اور طبعی خیالات اور مکر شیطانی سے ہوتے ہیں اور اکثر اوقات اس کو علم صریح ہوجاتا ہے جو برتتے ہیں ملاء اعلیٰ علوم ناموسیہ سے اور آنے والے واقع سے ڈرانے کا اور لوگوں کے جھگڑے کا از روئے تنزل کے اُن کے مدارک کی طرف اور عذر وحیلہ کے واسطہ اس کے عقدہ کھلنے کے جو مناسب ان علموں کے ہیں اس عالم میں اور ہیئت ملاء اعلیٰ کی اور ان کے مقامات ملائکہ اور ارواح اولیاء وانبیاء اور ملاء سافل اور جو اس کی مانند ہوں اور یہ سب علم قرآن عظیم کے علم ہیں تو میں نے دیکھا طبیعت کے پردہ دور کرنے اور مالوفات اور عادات اور محسوسات سے مجرد ہونے اس درگاہ کے رنگ سے رنگے جانے سے ایک امر عظیم اور مجھ سے کہا گیا کہ یہ درگاہ رویت ہے نہ درگاہ کلام پھر جب اللہ ارادہ کرتا ہے کہ خلقت کی طرف ساتھ نزول کتاب کے تدلی کرے تو اس مشہد کے صاحب کو ایک لباس نورانی باریک پہناتا ہے۔ یہ رؤیت اس کی نسبت کلام ہوجاتی ہے پھر میں نے دیکھی اس کی انحدار وتنزل کی کیفیت حیز طبیعت اور

رایت کیفیة الخدارة الی حین الطبع والعادة فتنفتح علیه عین الطبع تنغمض علیه عین الملاء الاعلیٰ فصار ما کان بین یدیه خیالا یتخیله وامرا یتذکره من بعد غیبه وربما وجد من تطلب لملاذ والاسباب ما کان سلب عنه او نهی عنه وبین ترقیه والخداره حالات کثیرة شاهدتها فی ذلک المشهد منها ما هو اقرب الی الاعلی ومنها ما هو اقرب الی الاسفل فیتولد من تلک الحالات ما هو اقول لک یتولد الرؤیا والحق ان الرؤیا خیالات کمثل احادیث النفس یتجرد الیها الدراکة فیجدها بمرأی منه ومسمع ویتولد خیال حق یمتلأ منه دماغه ویتولد فراسة صادقة الی غیر ذلک وکل ذلک فی حیز الحجاب بین الحضرة التی لا حجاب هنالک وبین الحجاب المتاکد من کل وجه ووجدت لکل من هذه الاشیاء میزانا ومقدارا ووجدت لکل مظنة یوجد هنالک ولکن لم اتفرغ فی هذه المشهد الاحاطة تلک الموازین والمظان واکتفیت باصولها وعسیٰ ان یوفقنا اللہ للاحاطة فی ثانی الحال.

عادت کی طرف تو کھل جاتی ہے اس کی چشم طبیعت اور بند ہوجاتی ہے چشم ملاء اعلیٰ تو ہوجاتا ہے اس کے روبرو ایک خیال جسے وہ دیکھ رہا تھا اور ایک امر کہ اس کو یاد کرتا ہے اس کے غائب ہونے کے بعد اور کبھی پاتا ہے طلب ملاذ واسباب سے وہ شے جو اس سے سلب ہوگئی تھی یا اس سے منع کردی گئی اور درمیان اس کے ترقی اور انخدار کے حالات کثیرہ ہیں جو میں نے مشاہد کیے ہیں اس مشہد میں بعض ان میں سے وہ ہیں جو اعلیٰ کے بہت قریب ہیں اور بعضے وہ ہیں جو اسفل کے بہت قریب ہیں پھر پیدا ہوتی ہے ان حالات سے وہ جو میں تم سے بیان کرتا ہوں۔ پیدا ہوتا ہے ہاتف اور پیدا ہوتا ہے خاطر اور پیدا ہوتا ہے خواب اور حق یہ بات ہے کہ خواب خیالات ہیں مانند احادیث نفس کے کہ مجرد ہوجاتا ہے ان کی طرف دراکہ تو پاتا ہے مرایا اور مسمع میں اس کو اور پیدا ہوتا ہے خیال حق کا جس سے اس کا دماغ بھر جاتا ہے اور پیدا ہوتی ہے فراست صادقہ علیٰ ہذا القیاس اور بھی اور یہ سب حیز حجاب میں ہیں درمیان اس درگاہ کے جہاں حجاب نہیں اور درمیان حجاب متاکد من کل وجہ کے اور میں نے ہر شے کی ان میں سے میزان اور مقدار کو پایا اور میں نے پایا ہر ایک کا مظنہ جو وہاں پایا جاتا ہے لیکن میں نہیں فارغ ہوا اس مشہد میں واسطے احاطہ ان میزانوں اور مقداروں کے اور کفایت کرتا ہوں اُن کے اصول پر اور قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم کو توفیق دے ان کے احاطہ کی دوبارہ۔

مشهد آخر العارف اذ كان في حيز ما يلي الطبيعة لم يشاهد فعل الحق كما ينبغي ان يشاهد فربما اشتبه عنده الهام بها جسد حديث من النفس وحالة الهية بامر طبيعي ويكون حادثة لا يعلم ما حكم الله فيها فيتردد ويكون في ذلك برهته من الزمان ثم انه ينجذب الى حين الحق فيصير عبدالله فيتجلى له كل شيء فيرجع نظره قهقرى الى تلك الامور المشتبهة والشكوك فينكشف ما اراده الحق وقضىٰ فكانه يرى رأى عين فان كان مكلما كلم كلاما سويا وان كان مفهما لقنا فهم ولقن ولك عبرة بسورة الانفال سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن الانفال لم يبين فاحكم الحق فيها وكيف نقسم وساقه الحق الى ذات الشوكة ليمحق الكفر به فلما اجتمع بركب وذات الشوكة اختلف الآراء فالهام الحق يجذب الى ذات الشوكة وميل الطبايع يجذب الى الركب ثم هدوا الى الحق ونزلت الامنة والمطر واهتزت القلوب الى الحرب لا يدرى مبدأ ذلك ارادة الحق بهم النصر ام امور طبيعة فلما انجذب النبي صلى الله عليه وسلم الى حين الحق كلم بحقيقة الامر في ذالك فان قلت اخبرني عن هذا

مشهد آخر عارف جب ہوتا ہے اس چیز میں جو قریب طبیعت ہے نہیں مشاہدہ کرتا فعل حق کو جیسا چاہیے مشاہدہ کرنا تو کبھی مشتبہ ہوتا ہے نزدیک اس کے الہام ساتھ خطرہ حدیث نفس کے اور حالت الٰہیہ ساتھ امر طبعی کے اور ہوتا ہے کوئی حادثہ نہیں جانتا کہ اس میں اللہ کا کیا حکم ہے تو متردد ہوتا ہے اور اس میں ایک زمانہ گزر جاتا ہے پھر وہ منجذب ہوتا ہے طرف خیر حق کے پھر وہ ہو جاتا ہے عبداللہ تو روشن ہو جاتی ہے اس پر ہر شے پھر اس کی نظر پیچھے ہٹتی ہے الٹے پاؤں ان امور مشتبہ اور ان شکوک کی طرف تو اس کو کشف ہو جاتا ہے ارادہ حق کا اور اس کا حکم تو گویا کہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے پس اگر ہوتا ہے کلام کیا گیا تو کلام کیا جاتا ہے برابر اور اگر ہوتا ہے سمجھدار اور فہیم تو سمجھایا جاتا ہے اور تلقین کیا جاتا ہے اور تیرے واسطے عبرت ہے سورۃ انفال کہ سوال کیے گئے نبی ﷺ انفال سے تو نہ بیان کیا کہ کیا حکم حق کا ہے اس میں اور کیونکہ تقسیم کی جائے غنیمت اور رواں کیا اس حکم کو حق نے طرف ذات شوکت کے تا کہ کفر مٹ جائے پھر جب مجتمع ہوئے سوار اور ذات شوکت دونوں تو مختلف ہوئیں رائیں الہام حق تو جذب کرتا تھا ذات شوکت کی طرف اور میل طبائع جذب کرتی تھی طرف سواروں کے پھر ہدایت کیے گئے وہ لوگ طرف حق کے اور نازل ہوئی امن و مطر اور جنبش ہوئی دلوں کو طرف جہاد کے نہیں معلوم ہوتا تھا کہ اس کا مبدأ اللہ کا ارادہ ان کی مدد کا تھا یا امور طبیعہ تھی پھر جس وقت منجذب ہو نبی ﷺ حیز

الحیز الذی تقول انه حیز الحق ما هو قلت هـم الـملأ الاعلیٰ وعظماء المؤمنین ومطمح بصائرهم تجمع فی تجلی من تجلیات الحق وهو حظیرة القدس وهو الذی قال النبی صلی الله علیه وسلم ان آدم احتج موسیٰ عند ربهما وهو قدم صدق عن ربهم ومن وجده فهو علی بیّنة من ربه ویتلوه شاهد منه ای یداخل نفسه لون من تلک الحضرة هی داعیة الحق فی قلب المؤمنین فتدبر فان المسئلة دقیقة.

مشهد آخر بینما انا متوجه الیه صلی الله علیه وسلم اذ طلع نور شامخ امتلأ خیالی به وبقیت متحیرا من شعشعانة فقیل لی من بـاطـنـی علی طریقة الفراسة والتفطن هذا نور العرش وله مدخل عظیم فی نبوته صلی الله علیه وسلم ومعرفته حقیقة لا یتم الا بمعرفة هذا النور لم انحدرت الی حیز الفکر والرویة فتذکرت ما روی فی کتاب الدر المنثور فی قصة حزقیل من رؤیته نور العرش وانعقاد رسالته علیٰ لسان هذا النور.

مشهد اخریٰ بالاجمال سالته صلی الله علیه وسلم سوالا روحانیا کما نبهنا علیه مرارا عن التسبب

حق کی طرف تو ان سے حقیقت امر اس کی بیان کی گئی پس اگر تم پوچھو کہ جسے تم حیز حق کہتے ہو، وہ بتاؤ کیا ہے؟ تو سنو! ملأ اعلیٰ اور عظماء مؤمنین کی ہمتیں اور ان کے مطمع نظر جمع ہوتی ہیں اللہ کی تجلیوں میں سے ایک تجلی میں اور وہ حظیرة القدس ہے اور وہ ہے جسے فرمایا نبی ﷺ نے حضرت آدم اور حضرت موسیٰ کی بحث ہوئی نزدیک اللہ کے اور وہ ہے قدم صدق عند ربہم اور جس نے اسے پایا، وہ ہے علیٰ بینته من ربه ویتلوه شاهد منه. یعنی اس کے نفس میں داخل ہوتا ہے رنگ اس درگاہ کا اور داعیہ حق ہے مؤمن کے قلب میں پس خوب غور کر کہ مسئلہ دقیق ہے۔

مشهد آخر اس اثنا میں کہ میں متوجہ تھا طرف رسول اللہ ﷺ کے کہ یکا یک ایک ایسا نور بلند ہوا کہ میرا خیال پُر ہوگیا اور میں اس کی چمک سے متحیر رہ گیا۔ تو میرے باطن سے آواز آئی بطریق فراسته اور تفطن کے کہ یہ نور عرش ہے اور اس کو نبوت رسول اللہ ﷺ میں دخل عظیم ہے اور ان کی حقیقت کی معرفت پوری نہیں ہوتی جب تک اس نور کی معرفت نہ ہو۔ پھر میں نازل ہوا طرف حز فکر ورویت کے تو مجھے یاد آیا جو کتاب در منثور میں روایت ہے حزقیل کے قصہ میں رویت نور عرش سے اور اس کی نبوت کے منعقد ہونے سے اوپر زبان اس نور کے۔

مشهد اخریٰ بالاجمال میں نے سوال کیا رسول اللہ ﷺ سے روال روحانی جیسا کہ میں آگاہ کر چکا ہوں کئی بار کہ میرے واسطے تسبب اچھا ہے یا

وترکه ايهما احسن لى فنفح الى
نفحته برد منها قلبى عن الاسباب
والاولاد والمنزل ثم كشف لى
فشاهدت طبيعتى تركن الى الاسباب
وتستلذ بها وتطلبها وشاهدت
روحى تركن الى التفويض ويستلذ
به ويطلبه وشاهدت ان بينهما
مدافعة والمرضى هو الذهاب الى مراد
الروح نعم لله لطف خفي سيظهر من غير
اختيار ونفح نفحة اخرى فبين ان مراد
الحق فيك ان يجمع شملا من شمل
الامة المرحومة بك فاياك وما قيل ان
الصديق لا يكون صديقا حتى يقول
له الف صديق انه زنديق واياك ان
تخالف القوم فى الفروع فانه
مناقضة المراد الحق ثم كشف
انموذجا ظهر لى منه كيفية وتطبيق السنة
بفقة الحنفية من الاخذ بقول احد
الثلثة وتخصيص عموماتهم والوقوف
علىٰ مقاصدهم والاقتصار علىٰ ما
نفهم من لفظ السنة وليس فيه
تاويل بعيد ولا ضرب بعض الاحاديث
بعضا ولا رفضا لحديث صحيح بقول
احد من الامة وهٰذه الطريقة ان اتمها
الله واكملها فهى الكبريت الاحمر

ترک تسبب؟ تو مجھے ایک ایسی خوشبو آئی کہ جس کے
باعث میرا دل اسباب اور اولاد اور گھر کی طرف سے
سرد ہوگا۔ پھر مجھ کو کشف ہوا تو میں نے مشاہدہ کیا کہ
میری طبیعت تو مائل ہے اسباب کی طرف اور اس کا
ذائقہ چاہتی ہے اور اسے ڈھونڈتی ہے اور میری روح
راغب ہے طرف تفویض کے اور اس کی لذت چاہتی
ہے اور ڈھونڈتی ہے اور میں نے مشاہدہ کیا کہ دونوں
باہم جھگڑ رہے ہیں اور رضامندی الٰہی مراد روح میں
ہے اور سچ ہے کہ اللہ کی خفیہ مہربانی عنقریب بے
اختیار ظاہر ہو گی۔ پھر ایک اور خوشبو آئی اور ظاہر ہوا
کہ مراد حق کی ہے کہ تجھ میں جمع کرے وہ شے جو
امت مرحومہ سے چھوٹ گئی ہے تو خبردار! اس سے بچ
جو کہا گیا ہے کہ صدیق نہیں ہوتا ہے۔ صدیق جب
تک اسے ہزار صدیق زندیق نہ کہیں اور خبردار! کبھی
قوم کا مخالف فروع میں نہ ہونا اس لئے کہ یہ ایک مراد
خداوندی کے منافی ہے پھر کھلا ایک اور نمونہ جس سے
فقہ حنفیہ کے یعنی امام اعظم اور صاحبین کے اقوال میں
سے کسی کے قول کو اختیار کرنے اور ان کے عمومات کی
تخصیص اور اس کے مقاصد پر وقوف اور لفظ حدیث
کے معنیٰ پر اکتفا کرنے میں حدیث کی مطابقت اور
کیفیت مجھ پر ظاہر ہوئی اور کشف ہوئی تخصیص ان
کے عمومات کی اور ان کے مقاصد کا وقوف اور فقہ حنفیہ
میں نہ تو تاویل بعید ہے اور نہ ضرب بعضے حدیث کے
بعضے پر اور نہ ترک کرنا ہے حدیث صحیح کے ساتھ قول
ایک کے امت میں سے اور اس طریقہ کو اگر اللہ تعالیٰ

والاكسير الاعظم ثم نفخ نفحة اخرىٰ فطنت فيها وصاة منه باخذ طريقة الانبياء والتحمل لاعبائهم والتصدى لخلافتهم والشفقة على الناس تعليماً وارشادًا او دعاءً رفاهيتهم وطلب ما يكون فيه صلاحهم ظاهرا ومعنىً وفقنا الله سبحانه للاخذ بسنة نبيه عليه الصلوٰة والسلام.

پورا اور کامل کرے تو کبریت احمر اور اکسیر اعظم ہے۔ پھر ایک خوشبو آئی اور اس میں میں نے دریافت کیا وصیت کو اس سے واسطے اختیار کرنے طریقہ انبیاء کا اور تحمل کرنا ان کی طرح سختیوں کا اور متصدی ہونا ان کی خلافت کا اور لوگوں پر شفقت کرنا از روئے تعلیم وارشاد کے اور ان کی دعائے رفاہیت کرنے اور صلاح ان کے واسطے طلب کرنے ظاہر اور باطن۔ اللہ سبحانہ ہم کو توفیق بخشے سنت نبی ﷺ کی۔

مشهد آخر توجهت الى قبور ائمة اهل البيت رضوان الله عليهم اجمعين فوجدت لهم طريقة خاصة هى اصل طرق الاولياء وانا ابين لك تلك الطريقة وابين لك ماذا انضم معها حتى صار طريقة الاولياء فاقول طريقتهم الالتفات الى اليا داشت اعنى التيقظ الاجمالي الى المبدأ ولو من وراء الحجب ولٰكن مع الذهول عن الحجب ومع الذهول عن ان هذا التيقظ من جوهر النفس او من العلم الحصولي وبالجملة تيقظ بسيط والتفات الى هذا التيقظ بنوع ما فهٰذه طريقتهم ولما فنى جوهر النفس من الاولياء فى هذه النقطة صار لفنائهم هيئة اخرى وراء الالتفات ثم الهموا سبيلا يهتدون بها الى الفناء فظهر الولايات بطولها وعرضها.

مشہد آخر متوجہ ہوا میں طرف قبور ائمہ اہل بیت رضی اللہ عنہم کے تو میں نے پایا ان کا ایک طریقہ خاص کہ اصل طریقہ اولیاء کا وہی ہے سو میں تم سے بیان کرتا ہوں وہ طریقہ اور تم سے بیان کرتا ہوں جو اس طریقہ سے منضم ہوگیا ہے، یہاں تک کہ وہ ہوگیا ہے طریقہ اولیاء کا سو تم سنو وہ ان کا طریقہ یادداشت کی طرف التفات ہے یعنی ایک تیقظ اجمالی مبداء کی طرف اگرچہ پردوں کے پیچھے ہو لیکن ذہول ہو پردوں سے اور ذہول اس امر سے کہ یہ بیداری جوہر نفس سے ہے یا علم حصولی سے ہے۔ غرض تیقظ بسیط ہے اور التفات اس بیداری کے کس نوع سے ہے۔ پس یہ طریقہ ہے ان کا اور جبکہ فانی ہوگیا جوہر نفس اولیاء سے ان نقطہ میں تو ان کی فنا کی اور ہی صورت ہوگئی، سوائے التفات کے پھر ان کو ایسے رستے الہام ہوئے جن سے ہدایت پائیں طرف فنا کے۔ پس ظاہر ہوئیں ولایتیں مع طول اور عرض کے تمام۔

مشاهد اخرىٰ استفدت من جناب النبى صلى الله عليه وسلم ان كل من حصل منه قصور فى نقص العلاقات والحبية من قلبه واثبات محبته الحق سبحانه وفى عداوة الغير او السوىٰ كما قال سيدنا ابراهيم عليه السلام انهم عدو لى الا رب العالمين والاكباب على الهيمان به تحققا لا معرفة فقط فانه مغرور كائنا من كان سواء منعه عن هذه الحالة العلاقات الطبيعة والاستغراق فى مشاهدة سريان الوحدة فى الكثرة بحيث يصير محبا لكل شىء لما فيه من سريان محبوبه او غير ذلك من الموانع واستفدت منه صلى الله عليه وسلم ثلثة امور خلاف ما كان عندى وما كان طبعتى تميل اليه اشد ميل فصارت هذه الاستفادة من براهين الحق تعالىٰ على احدها الوصاة بترك الالتفات الى التسبّب فانى كلما انحدرت الى الطبيعة غلب علىّ العقل المعاشى فصرت احب التسبّب ويحول فكرى فى تمهيد الاسباب التى يحصل منها الاولاد والاموال وكلما لحقت بالنبى صلى الله عليه وسلم وبالملأ الاعلىٰ جردت عن هذه الرديية اخذ منى العهود والمواثيق ان لا التسبب حتى صارت مناقضه هذا

مشهد اخرىٰ مستفید ہوا میں درگاہ نبی ﷺ سے کہ جس شخص سے قصور ہو اس کے دل سے نقص علاقات حبیہ اور اثبات محبت حق تعالیٰ میں اور اس کے غیر رسوا کی عداوت میں جیسا کہ کہا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے: انهم عدو لى الا رب العالمين اور منہ کے بل گرنے میں سب اس کی سرگشتگی عشق میں از روئے تحقیق کے نہ فقط معرفت کے تو وہ شخص مغرور ہے اس میں کوئی ہو برابر ہے کہ اسے منع کیا ہو اس حالت سے علاقات طبیعت نے یا مشاہدہ سریان وحدت نے الکثرت کے استغراق نے اس حیثیت سے کہ ہر شے کو دوست رکھے، اس لئے کہ اس کے محبوب کا اس میں سریان ہے، یا سوا اس کے اور کوئی موانع میں سے اور استفادہ کیا میں نے آنحضرت ﷺ سے تین امور اپنے عندیہ کے خلاف اور اس کے خلاف جدھر میری طبیعت بہت مائل تھی تو یہ استفادی ہوگئی میرے واسطے برہان حق تعالیٰ کی ایک تو وصیت ترک التفات کی طرف تسبب کے کیونکہ جب میں نزول کرتا تھا طبیعت کی طرف تو مجھ پر عقل معاش غلبہ کرتی تھی۔ میں دوست رکھتا تھا اسباب معاش کو اور دوڑاتا تھا فکر کو تمہید اسباب میں جس سے حاصل ہو مال اور اولاد اور جب میں لاحق ہوا نبی ﷺ سے اور ملاء اعلیٰ سے، اس رذیلیت سے مجرد اور آزاد ہوگیا اور مجھ سے عہد و پیان لیا گیا کہ چھوڑوں تسبب کو یہاں تک کہ تناقض ان دونوں امروں میں محسوس ہوا بمنزلہ ظلمت اور نور کے یا اچھی

لذلک محسوسة بمنزلة الظلمة والنور والنسیم الطیب والمحرور واکثر ما فی من الامور لا مناقضة فیها بل هی علی متن الصواب بحمد الله یکون الطبیعة مستسلمة للالهام ولکن ابقی علی کل شیء من مناقضه هذا الامر لسر عجیب وثانیها الوصات بالتقید بهذه المذاهب الاربعة لاخرج منها والتوفیق ما استطعت وجبلتی تابی التقلید وتانف منه راسا ولکن شیء طلب منی التعبد بخلاف نفسی وهنا نکتة طویت ذکرها وقد تفطنت بحمد الله بسر هذه الحیلة وهذه الوصاة وثالثها الوصاة بتفضیل الشیخین رضی الله عنهما فان طبیعتی وفکرتی اذا ترکتا وانفسهما فضلتا علیا کرم الله وجهه واحباه اشد محبته ولکن شیء طلب منی التعبد به خلاف المشتهی وهیهات هذه المناقضات منی لولا ان شدة الجامعیة هی التی اوقعتنی فی ذالک.

ہوا اور گرم ہوا کے اور اکثر مجھ میں جو امر تھے ان میں مناقضہ نہ تھا، بلکہ وہ بطریق صواب کے تھا۔ الحمد للہ کہ طبیعت سلامتی طلب تھی واسطے الہام کے لیکن باقی تھی ایک شے پر مناقضہ سے واسطے ایک سر عجیب کے اور دوسرا امر ہے ان مذاہب اربعہ کی تقلید کی وصیت کہ میں نہ نکلوں ان سے اور موافقت کروں تا بمقدور اور میری سرشت انکار تقلید کا اور انکار اس سے روگردانی کرتی تھی جو شے طلب کی گئی مجھ سے وہ تقلید کی پیروی ہے بخلاف میرے نفس کے اور یہاں ایک نکتہ ہے کہ میں نے اس کا ذکر موقوف کیا اور الحمدللہ کہ مجھ کو اس حلت اور اس وصیت کا راز دریافت ہوگیا اور تیسرا امر وصیت اس امر کے کہ تفضیل شیخین رضی اللہ عنہما کے کیونکہ جب میری طبیعت اور فکر چھوڑی جاتی تھی تو وہ دونوں تفضیل کرتی تھیں حضرت علی کرم اللہ وجہ کی اور ان سے بہت ہی محبت رکھتے تھے، لیکن اس میں بھی مجھ سے اس کی تعبیر کرائی جاتی خلاف خواہش کی۔ افسوس یہ مناقضے مجھ سے نہ ہوتے تو شدت جامعیت نہ ہوتی جس نے مجھ کو اس میں ڈالا۔

مشهد آخر رایست وانا اطوف بالبیت العتیق لنفسی نورا عظیما یغشی الاقالیم ویبهر اهلها وفطنت ان القطبیة اعنی الارشادیة انما یصح بمثل هذا النور الذی یبهر ولا یبهر ویغلب

مشهد آخر میں نے دیکھا جس وقت میں طواف کر رہا تھا کعبہ شریف کا اپنے نفس میں ایک نور عظیم کہ اس نے ڈھانک لیا شہروں کو اور روشن کردیا ہے ان کے اہل کو۔ میں نے دریافت کیا کہ قطبیت یعنی ارشادیت صحیح ہوتی ہے اسی نور سے کہ سب پر غالب ہے، کسی کا کسی سے مغلوب نہیں ہوتا اور سب کو

ولا یغلب وان من شیء الا یاتی علیه ولا یؤتی فتدبر.

مشهد آخر هذا البیت العتیق والبناء الشامخ رایت فیه همم الملأ الاعلیٰ والملأ السافل ملصقة به متعلقة تعلقا بشبه تعلق النفس بالبدن ورایته محشوّا بهممهم وارواحهم کالورد یکون محشوا بماء الورد والقطن یتخلله الهواء ورایت نبعاث دواعی الناس الی هذا البیت لانتباط هممهم بحضرة فیها الملأ الاعلیٰ والسافل.

مشهد آخر اطلعنی الله سبحانه علی ما هو فاعل بی ومانح لی من النعم الظاهرة والباطنة او عطانی العصمة من المواخذة دنیا وآخرة فکل ما تجری علیّ من الشدائد فانما هو من مقتضیات الطبیعة لا من باب المواخذة من علیٰ بهذان اخبرنی بانه شیء قل ما منح به لاولیائه واعطانی برد العیش وجعلنی لی من کل سعادة نصیبا معتدا به وکسانی خلعة الخلافة الباطنة فظهر هذا السر دفعة وبهر عقلی ثم انفسر علی بعد ففهمت الامر علی ما هو علیه.

تحقیق شریف قد یکشف علی العارف ما سیاتیه من نعم الله سبحانه واهل الله علی طبقتین فی کشف هذه الامور

روشن کرتا ہے اور آپ کو کوئی روشن نہیں کرتا اور ہر شے پاس آجاتی ہے اور یہ کہیں نہیں جاتا، پس غور کر۔

مشهد آخر اس بیت عتیق یعنی کعبہ شریف کو اور اس بناء بلند کو میں نے دیکھا کہ اس میں ہمتیں ملاء اعلیٰ کی اور ملاء سافل کی ملصق ہیں اس سے اور اس سے ایسی متعلق ہیں جیسے نفس بدن سے اور میں نے دیکھا اس کو بھرا ہوا ان کی ہمتوں اور ان کی ارواحوں سے جیسے گلاب کے پھول میں عرق گلاب اور روئے میں ہوا اور میں نے دیکھا برانگیختہ ہونا لوگوں کی طرف خواہشات کا اس بیت شریف کی طرف بسبب وابستہ ہونے ان کی ہمتوں کے ساتھ اس کے جسم سے ملاء اعلیٰ وملاء سفلیٰ۔

مشهد آخر اطلاع دی مجھ کو اللہ سبحانہ نے بعد اس سے کہ جو وہ مجھ سے کرنے والا ہے اور دینے والا ہے۔ مجھ کو نعمتیں ظاہر اور باطن کی اور عطا کی مجھ کو عصمت دنیا وآخرت کی مواخذہ سے پس جو سختیاں کہ مجھ پر گذریں، وہ مقتضیات طبیعت سے ہیں نہ مواخذہ کی وجہ سے مجھ پر اس کا احسان کیا اور خبر دی مجھ کو کہ وہ ایک ایسی شے ہے کہ کم ملی ہے اولیاء کو اور عطا کی مجھ کو خوش زندگانی اور ہر سعادت سے مجھ کو اچھا حصہ دیا اور مجھ کو خلافت باطن کا خلعت پہنایا۔ پس ظاہر ہوا یہ راز ایک دفعہ اور متحیر ہوگیا میں۔ پھر ظاہر ہوا مجھ پر اس کے بعد تو سمجھ گیا میں جو تھا۔

تحقیق شریف کبھی عارف پر کشف ہوجاتی ہیں وہ نعمتیں جو اللہ کی طرف سے آنے والی ہیں، پس ان امور کے کشف کے اعتبار سے اہل اللہ کے

فاصحاب الكشف الٰهى يرون تلك الموافقة فى مرآة الحق اعنى يرون تحديق الحق بهٰذه العبد ويعرفون انعقاد ارادة فى الملأ الاعلىٰ بايجاد كذا وكذا وتقريب كذا وكذا وليس نظرهم ينصرف الى نفس تلك الواقعة فلذالك لا يستطيعون ان يخبروا عن تفاصيل تلك الواقعة كما يخبر عنها صاحب الكشف الكونى وربما انكشف لهم خزائن تلك الافاضات من الملأ الاعلىٰ ومنابعها كما قال عن من قائل

وان من شىء الا عندنا خزائنه وما ننزلها الا بقدر معلوم فيبهر الحواس الظاهرة والباطنة التى هى اجزاء بهيمية منه فى بعض الاحيان ما يتشعشع عليه من انوار الخزائن والمنابع ولا يدرى ما هذا المقدار الذى ينزله وهذه حضرة عجيبة ينبغى ان يحتاط فيها لئلا يختلط بتلك لحضرة روية وتفكر وحديث نفس فيرى الصغير كبيرا والحقير عظيما لمعنى فى المراة فيخبر بكبير هذا المقدار النازل وعظيمه فيكذب وهذا احد مظان قوله تبارك وتعالىٰ: وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبى الا اذا تمنى القى الشيطان فى امنيته واصحاب الكشف الكونى يطلعون على تلك الواقعة بمثل رؤيا او

دو گروہ ہیں۔ اصحاب کشف الٰہی تو دیکھتے ہیں اس واقعہ کو مرآت حق میں یعنی دیکھتے ہیں حق کی نظر اس بندہ پر اور پہچان لیتے ہیں اس سے ارادہ منعقد ہونے کا ملاء اعلیٰ میں ایسے اور ایسے ایجاد اور تقریب کے ساتھ اور ان کی نظر اس واقعہ کی حقیقت کی طرف نہیں پھرتی، تو اس واسطے وہ خبر نہیں دے سکتے اس واقعہ کے تفصیلوں کی جس طرح خبر دیتے ہیں اس کی صاحب کشف کونی اور کبھی ان کو منکشف ہوتے ہیں خزانے افاضات ملاء اعلیٰ کے اور ان کے چشمے جیسے خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

ان من شىء الا عندنا خزائنه وما ننزلها الا بقدر معلوم. پس غالب ہوجاتے ہیں حواس ظاہری اور باطنی پر خزائن اس کے اور چشموں کے وہ انوار جو اس پر چمکتے ہیں اور نہیں دریافت ہوتا ہے کہ کس قدر ہے جو نزول ہوگا اور یہ درگاہ عجیب ہے۔ چاہیے کہ احتیاط کرے اس میں تا مخلوط نہ ہوجائے یہ درگاہ رویت وتفکر وحدیث نفس سے کہ دیکھے صغیر کو کبیر اور حقیر کو عظیم بسبب معنیٰ مرآت کے تو خبر دی بڑائی اس مقدار نازل کی اور عظمت اس کی تو پھر جو جھوٹا ٹھہرے اور یہ کہ ایک مظنہ ہے مظان سے قول اللہ تبارک وتعالیٰ: وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبى الا اذا تمنى القى الشيطان فى امنيته اور اصحاب کشف کونی مطلع ہوتے ہیں اس واقعہ پر مانند خواب یا ہاتف کے لئے جانے خزائن اور مبادی کے تو اگر ہوتے

هاتف من غير معرفة الخزائن والمبادى فان كانوا ممن لا يحتاجون الىٰ تعبير لموافقة تصوير خيالهم بتصوير الطبيعة الكلية معنىً مثالى فى جسد ارضى جسم او جسمانى كان الامر علىٰ ما رأوا من غير تفاوت والا احتاجوا الى التعبير وكان الوقوف على حقيقة الامر اصعب من خرط القتاد.

ہیں ان میں سے جو تعبیر کی حاجت نہ رکھیں بسبب موافق ہونے ان کے خیال کے تصویر کے تصویر طبعیہ کلیہ کے ساتھ واسطے معنیٰ مثالی کے جو جسد ارضی میں ہے جسم ہو یا جسمانی تو ہوتا ہے وہ امر ویسا ہے جیسا انہوں نے دیکھا بلا تفاوت اور نہیں تو حاجت ہوتی ہے تعبیر کی اور حقیقت امر پر اس وقت واقف ہونا درخت خاردار پر ہاتھ پھیرنے سے زیادہ دشوار ہوتا ہے۔

تحقيق شريف للامة المرحومة اسوة حسنة برسول الله صلى الله عليه وسلم لاصحاب الخلافة الظاهرة اعنى المعين باقامة الحدود واعداد ادوات الجهاد وسد الشغور واجازة الوفود وجباية الصدقات والخراج وتفريقها على مستحقيها وفصل الاقضية والنظر فى اليتامىٰ واوقاف المسلمين وطرفهم ومساجدهم واشباه هذا الامور فمن كان مشتغلا بهذه الامور نسميه بالخليفة الظاهرة لهم اسوة حسنة برسول الله صلى الله عليه وسلم فيما سن من هذا الباب التفصيل المذكور فى كتب الحديث ولاصحاب الخلافة الباطنية عنى المعتين بتعليم الشرائع والقرآن والسنن والأمرين بالمعروف والناهين عن المنكر والذين يحصل بكلامهم نصرة الدين اما بالمجادلة كالمتكلمين او بالموعظة الخطبا الاسلام

تحقیق شریف امت مرحومہ کے واسطے رسول اللہ ﷺ کی پیروی بہت خوب ہے۔ اصحاب خلافت ظاہری کو حدیں جاری کرنے اور اسباب جہاد تیار کرنا اور حدود وولایت نگاہ رکھنے اور ایلچیوں کو اجازت دینے اور فراہم کرنا صدقات کا اور خراج کا اور اس کو اس کے مستحقوں پر تفریق کرنا اور قضایا فیصل کرنے اور یتیموں کا غور کرنا اور مسلمانوں کے اوقات اور ستون کی حفاظت اور مسجدوں کی خبر گیری اور علیٰ ہٰذا القیاس جو ان امور میں مشغول ہو، اس کو ہم خلیفہ ظاہری کہتے ہیں اس کے واسطے پیروی رسول اللہ ﷺ کی بہت اچھی ہے جو طریقہ رسول اللہ ﷺ کا ہے اس باب میں اور اس کی تفصیل کتب حدیث میں مذکور ہے اور جو اصحاب خلافت باطنی ہیں یعنی شرائع تعلیم کرتے ہیں اور قرآن شریف اور حدیث شریف اور اچھی باتیں بتاتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور جن کے کلام سے دین میں نصرت حاصل ہوتی ہے، یا تو مجادلہ سے جیسے

او بصحبتهم كمشايخ الصوفية والذين يقيمون الصلوٰة والحج والذين يدلّون علىٰ طريق اكتساب الاحسان والمرغبون فى التمسك والزهد والقائمون بهٰذا الامر هم الذين نسمّيهم ههنا بالخلفاء الباطنين لهم اسوة حسنة برسول الله صلى الله عليه وسلم فيما سن من هٰذا الباب بالتفصيل المذكور فى كتب الحديث فهٰذه المقدمة بكليتها مجمع عليها ولذٰلك ترى الفقهاء ياخذون بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم فى اشباه هٰذه المظان ويتمسكون بها ذٰلك ولما اصّلنا هٰذا الاصل فلنا ان نفرع عليه الاخذ بالبيعة وقد ذكرنا هٰذه المسئلة فى القول الجميل فى بيان سواء السبيل ولنا ان يفرع عليه بعث الدعاة والرسول فان رسول الله صلى الله عليه وسلم يبعث فى الاقطار والقبائل من يدعوهم الى الايمان بالله ورسوله ويبلغهم الشرائع كما بعث ابا موسىٰ رضى الله عنه الى الاشعريين واباذر رضى الله عنه الى غفار واسلم وعمرو بن مرة رضى الله عنه الى جهينة وعامرًا الحضرمى رضى الله عنه الىٰ بنى عبدالقيس وصعب بن عمير رضى الله عنه الى اهل المدينة ولم يفوض اليهم شيئا من امور الخلافة الظاهر انما كان شانهم دعوة

متکلمین نصیحت سے یا جیسے واعظین یا صحبت سے جیسے مشائخ صوفیہ اور جو قائم کرتے ہیں نماز اور حج ادا کرتے ہیں اور جو لوگ رہنمائی کرتے ہیں احسان کے طریق حاصل کرنے کے اور ترغیب دیتے ہیں عبادت اور زہد کی ان لوگوں کو ہم کہتے ہیں خلیفہ باطنی۔ ان کے واسطے پیروی اچھی ہے رسول اللہ ﷺ کی جو فرمادیا ہے آپ نے اس باب میں جس کی تفصیل مذکور ہے کتب حدیث میں۔ پس اس مقدمہ کل پر اجماع ہے اور اسی واسطے تم دیکھتے ہو کہ فقہا اخذ کرتے ہیں سنت رسول اللہ ﷺ اور سند لیتے ہیں سنت رسول اللہ ﷺ سے اس میں اور جب ہم نے اس کو اصل قرار یا تو ہمارے واسطے جائز ہے کہ ہم اس پر بیعت لینے کا مسئلہ متفرع کریں اور اس مسئلہ کو ہم نے قول الجمیل فی سواء السبیل میں ذکر کردیا ہے۔ ثواب ہمارے واسطے ان جیسے امور میں ہے کہ ہم تفریع کریں اس پر بھیجنا داعیوں اور نائبوں کا کیونکہ رسول اللہ ﷺ بھیجتے تھے اطراف میں اور قبائل میں ایسے لوگ جو داعی ہوں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانے کی طرف اور ان کو احکام شرعی پہنچائیں۔ چنانچہ آپ نے بھیجا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کو قبیلہ اشعری میں اور ابوذر رضی اللہ عنہ کو غفار اور اسلم میں اور عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ کو طرف جہینہ کے اور عامر حضرمی رضی اللہ عنہ کو طرف بنی عبدالقیس کے اور مصعب ابن عمیر رضی اللہ عنہ کو طرف اہل مدینہ کے اور ان کو کچھ تفویض نہ کیا امور خلافت ظاہر میں سے۔

الناس الی الاسلام وتعلیم القرآن وسنن وفرق بین الخلیفة الظاهر والخلیفة الباطن من حیث ان تعدد اهل الباطن لا یقضی الیٰ تخاصم ونزاع دون الخلافة الظاهر وفرق بین الخلیفة وبین الداعی والرسول فان الخلیفة ینبغی ان یکون عالمًا وسیع العلم وسیع الکلام والداعی ینبغی ان یکتب له عهد یعمل علیه لیس له وراء ذلک ویرجع فما اشکل الی الخلیفة واکثر سنن الدعاة والرسول تؤخذ من بعث النبی صلی الله علیه وسلم ایاهم الی قوامهم قبل الهجرة فتدبر.

پس ان کا یہ کام تھا کہ لوگوں کو اسلام کی طرف بلائیں اور تعلیم کریں قرآن شریف اور سنت اور فرق خلیفہ ظاہری اور باطنی میں یہ ہے تعدد اہل باطن سے نزاع باہمی نہیں ہوتا۔ ان کی آپس میں خصومت نہیں ہوتی بخلاف اہل ظاہر کے اور فرق درمیان خلیفہ اور داعی کے اور ایلچی کے یہ ہے کہ خلیفہ تو چاہیے عالم وسیع العلم وسیع الکلام اور داعی کو لکھ دیا جائے ایک دستور العمل اس پر عمل کرے۔ اس کے سوا جو مشکل بات ہو تو خلیفہ سے رجوع کرے اور اکثر طریقے داعیوں اور ایلچیوں کے اخذ کیے جاتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے داعی اور ایلچی بھیجنے سے طرف قوموں کی ہجرت سے پہلے پس غور کرو۔

مشهد آخر وجدت روحی تضاعفت وعظمت وسبغت واتسعت فتاملت فی هذه الوجدان فقطنت بانه شیء یجده العارف وسره حلول اسرار الحضرات الٰهیة المنعقدة فی الملأ الاعلیٰ بروحه ونزول برکات الاسماء الٰهیة المنعقدة فی المدارک الجمیلة اوّلا والمنفسرة بآیات متلوة منزلة علیٰ قلب رسول مجتبیٰ او اسماء مشهورة صار التعبیر بها عن الحق بحسب صدور تلک الآثار منه جبلة مجبولة وطبیعة ودیدنا فی الناس ثانیا فحلول تلک الحضرات والبرکات

مشهد آخر میں نے اپنی روح کو پایا کہ وہ دوچند اور عظیم اور فراخ اور وسیع ہوگئی، تو میں نے اس بات کو سوچا تو دریافت ہوا کہ عارف اس شے کو پاتا ہے اور اس کا راز یہ ہے کہ حضرات الٰہیہ کے اسرار جو منعقد ملاء اعلیٰ میں عارف کی روح میں حلول کرتے ہیں اور نزول ہوتا ہے برکات اسماء الٰہی کا جو منعقد ہیں مدارک جمیلہ میں اولاً اور منفسر ہیں سات آیات متلوہ منزلہ اوپر قلب رسول مجتبیٰ ﷺ یا اسمائے مشہورہ جن کو تعبیر کرتے ہیں حق سے موافق صدور ان آثار کے اس سے از روئے سرشت وجبلت کے اور طبیعت لوگوں کی اور عادات کے ثانیاً پس حلول ان حضرات کا اور برکات کا عارف لوگوں کی روح میں پیدا کرتا ہے وسعت وفراخی اور قوت۔ پس نہ دیکھے گا تو کسی کو کہ وہ ایسے

بروحه يورث فيها سعة وقوة فلن ترى احدا يحدف في مثل هذا الرجل الا امتلأ منه رعبا وتعظيما وظهر من سبحات وجهه كرم ذات وظهرت البركات في فراسته وهمته فهذا سر هذا الوجدان واصله.

مشهد آخر رايت حضرة نسبتها من الطبيعة الكلية نسبة قوة الارادة والعزم المقرونين بالتحريك من طبيعة فرد من افراد الانسان فكما ان خيال الانسان يتمثل فيه لذة جلب نفع او دفع ضرّ ثم يصطفى الخيال خلاصة هذه الصورة فيلقيها في تلك القوة فتنبعث القوة فيحصل العزم فيحصل تحريك العضلات الى الفعل المطلوب فكذلك النفس القوية المتجردة يتمثل عندها همة ظهور واقعة في الناسوت فتصطفي خلاصة تلك الصورة المطلوبة فتحملها مع معرفتها بربها الى تلك الحضرة فينبعث القضاء من قلب الطبيعة الكلية وتحصل صورة الواقعة في المثال ثم اذا جاء وقت حدوث الواقعة في الناسوت احدثها الله كما خلقها في المثال وفطنت ان تاثير الهمة بالوجه الذي ذكرنا هو كمال الانسان وانه معد لصيرورة النفس جارحة من جوارح الحق في البرزخ.

شخص کو غور سے دیکھے اور اس کے رعب میں نہ آجائے اور اس کی عظمت سے اور تعظیم سے پیش نہ آئے اور ظاہر ہوتا ہے اس کے جلالت چہرہ سے اس کی ذات کا کرم اور اس کی فراست وہمت میں برکتیں۔ پس یہ اس وجدان کا سر اور اس کی اصل ہے۔

مشہد آخر یعنی دیکھی ایسی درسگاہ کہ اس کی نسبت طبیعت کلیہ سے ایسی ہے جیسے نسبت قوت ارادہ وعزم کی در حالیکہ مقرون ہوں حرکت طبیعت سے کسی فرد کے افراد انسان میں سے تو جس طرح انسان کے خیال میں لذت نفع حاصل کرنے کی یا ضرر دفع کرنے کی متمثل ہوتی ہے پس خیال خلاصہ اس صورت کا چھانٹ لیتا ہے اور اس قوت میں اس کو ڈال دیتا ہے تو وہ قوت برانگیختہ ہوتی ہے تو عزم حاصل ہوتا ہے۔ پھر عضلات کو حرکت حاصل ہوتی ہے طرف مطلوب کے۔ اسی طرح نفس قوی مجرد کے نزدیک متمثل ہوتی ہے ہمت ظہور واقعہ کے بیچ عالم ناسوت کے اور نکال لیتی ہے خلاصہ اس صورت مطلوبہ کا اور اٹھا لے جاتی ہے اپنے رب کی معرفت کے ساتھ اس درگاہ میں پھر برانگیختہ ہوتا ہے حکم طبیعت کلیہ کے قلب سے اور عالم مثال میں صورت واقع آتی ہے۔ پھر جس وقت عالم ناسوت میں اس واقعہ کے پیدا ہونے کا وقت آتا ہے، اللہ اس کو پیدا کردیتا ہے جیسے پیدا کیا تھا عالم مثال میں، تو میں نے دریافت کیا کہ ہمت کی تاثیر اس وجہ سے جو ہم نے بیان کی، یہی انسان کا کمال ہے اور وہ معد ہے اس بات کی نفس جارحہ ہو جائے حق کے جوارح سے عالم برزخ میں۔

تحقیق شریف قد ینکشف علی العارف ان القضاء تعلق حتما بایجاد الواقعة الفلانیة علیٰ نحو کذا و کذا و ان القدر فی ذٰلک مبرم ثم یدعو الله هذا العارف بجهد همته ویلحّ فی الدعاء حتیٰ ینقلب القضاء قضاء بایجادها علیٰ نحو آخر فیوجد حسب الهمت و ذالک کما روی عن سیدی عبدالقادر جیلانی رضی الله عنه فی قصة تاجر من اصحاب حماد الرباس و کما وقع لسیدی الوالد رضی الله عنه فی قصة مرزا هدایت الله وغیرها وفیه من الاشکال ما لا یخفی والحق عندی انه یکون علیٰ وجهین احدهما ان بعض الاسباب العالیة اقتضیٰ هذا الامر اقتضاء متاکدًا و کل اقتضاء فانما فیه شیء واحد ولیس فیه احتمال نقیضه وانما فیه صورة الواقعة کاملة وافرة من غیر انقباض یرد علیها بسبب آخر فانکشف علیه هذا الاقتضاء المتاکد بصورته وهیئته ورای منبع القدر المبرم من کرة هذا الاقتضاء ولم یره صراحا فظن انه القدر المبرم ثم ان همته صارت سببا من الاسباب المعدة لنزول القضاء فعند مزاحمتها تلک الاسباب کانت حکمة الله ان یقبض امرا عما کان علیه ویبسط امرا عما کان علیه

تحقیق شریف کبھی منکشف ہوتا ہے عارف کو کہ قضا ضرور متعلق ہے فلاں واقعہ کے ایجاد کرنے میں اس طرح اور اس طرح اور اس میں تقدیر مبرم ہے۔ پھر وہ عارف دعا کرتا ہے اپنی کوشش ہمت سے اور دعا میں الحاح کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ قضا منقلب ہوجاتی ہے ایجاد میں دوسری طرح پر اور پاتا ہے اس کو حسب ارادہ۔ چنانچہ روایت ہے حضرت سیدی عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے بیان میں ایک سوداگر کی جو حضرت حماد رباس کے اصحاب میں سے تھا اور جیسا کہ واقع ہوا جناب والد رضی اللہ عنہ سے بیچ قصہ مرزا ہدایت اللہ وغیرہ کے اور اس میں جو اشکال ہے، وہ مخفی نہیں ہے اور حق میرے نزدیک یوں ہے کہ یہ امر دو وجہوں پر ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ بعضے اسباب عالیہ مقتضی ہوتے ہیں اس امر کے از روئے اقتضائے متاکد کے اور بیشک ہر اقتضاء میں ایک شے واحد ہے۔ اس کے نقیض کا احتمال اس میں نہیں ہے اور بیشک اس میں صورت واقعہ کی کامل اور وافر ہے بغیر کسی انقباض کے جو اس پر وارد ہو کسی اور سبب سے تو منکشف ہوتا ہے عارف پر یہ اقتضائی متاکد اپنی صورت اور ہیئت پر اور دیکھتا ہے منبع قدر مبرم کا روزن سے اس اقتضاء کے اور اس کو نہیں دیکھتا صریحاً پس گمان کرتا ہے کہ قدر مبرم ہے۔ پھر اس کی ہمت بہت ہوجاتی ہے اسباب معدہ میں سے واسطے نزول قضا کے، پھر وقت مزاحمت ہونے ان اسباب کے اس ہمت سے اللہ کی حکمت ایک امر قبض کرلیتی ہے اور دوسرا امر بسط کردیتی ہے تو مراد

فیظهر المراد والثانی ان الله سبحانه یخلق صورة تلک الواقعة فی عالم المثال من اجزاء القوی الروحانية قبل ان يخلقها من الاجزاء الجسمانية ثم ينزلها الى الدنيا فتصير متحدة بالواقعة الناسوتية وهٰذا معنىٰ انزال الانعام وانزال الميزان والحديد وانزال البلاء فعيالجها الدعاء فهٰذا الصورة المخلوقة فی عالم المثال ربما يلحقها المحو قال عز من قائل يمحوا الله ما يشاء ويثبت وعنده ام الكتاب والمحو هو الذی سمی رد قضائی قوله صلی الله عليه وسلم لا يرد القضاء الا الدعاء فيكشف على العارف وجود تلک الواقعة ويعبر عن ذٰلک بالقضاء المبرم ثم تصادمه الهمة فتحوله عن متن طبيعة والله اعلم.

ظاہر ہوتی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اللہ سبحانہ پیدا کرتا ہے صورت اس واقعہ کی عالم مثال میں اجزائے قوائے روحانیہ سے پہلے اس سے کہ اس صورت واقعہ کو پیدا کرے اجزائے جسمانیہ سے، پھر اسے دنیا کی طرف نازل کرتا ہے تو متحد ہوجاتی ہے وہ صورت واقعہ ناسوتیہ سے اور یہ معنی ہیں نازل کرنے انعام اور میزان اور حدید کے اور نازل کرنے بلا کے پس معالجہ کرتی ہے اس کا دعا پھر یہ صورت مخلوقہ عالم مثال کبھی محو ہوجاتی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے: یمحوا الله ما یشاء ویثبت وعنده ام الکتاب اور محو وہ شے ہے جس کا نام رد قضا ہے قول آنحضرت ﷺ میں کہ اس کے پاس اصل کتاب ہے۔ لا یرد القضاء الا الدعاء۔ پس کشف ہوتا ہے عارف پر وجود پر اس واقعہ کا اور تعبیر کرتا ہے اس کو قضائے مبرم، پھر مصادم ہوتی ہے اس کو ہمت تو پھر دیتی ہے اس کی طبیعت کے متن سے واللہ اعلم۔

تحقيق شريف ايضا قد يعد الله سبحانه لواحد من اهل الله موعودا ثم لا يظهر الامر على ما وعد مع كون الالهام حقا فيشكل هٰذا علىٰ كثير من الناس تكلم المشايخ فی دفع الاشكال فقالوا ربما يكون اللطف بهٰذا العبد ان يوعد بوعد هينی يرغب فيه وينتظر اليه ثم لا يوفی بالوعد ويترقی من حب النعمة الى حب المنعم ومن حب الافعال الى حب الذات

تحقیق شریف کبھی وعدہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ کسی اہل اللہ سے، پھر نہیں ظاہر کرتا اس امر کو اس وعدہ پر باوجود یہ کہ الہام حق ہے تو مشکل ہوتی ہے یہ بات اکثر لوگوں پر۔ اس اشکال کے دفع کرنے میں مشائخ نے کلام کیا ہے تو کہا ہے مشائخ نے کہ اکثر اوقات لطف الٰہی اس بندہ پر ہوتا ہے کہ ایک اچھا وعدہ کرتا ہے جس سے اسے رغبت ہے، اس کا انتظار کرتا ہے۔ پھر وہ وعدہ وفا نہیں ہوتا تو یہ بندہ محبت نعمت سے ترقی کرکے منعم کی محبت کرتا ہے اور افعال کی حب

والصفات یریدون ان ترک الوفاء بالوعد لیس نقیصة یجب تنزہ اللہ سبحانہ عنہ بالاطلاق بل ربما یکون ضنا وغرور او تدلیساً فیکون من باب النقیصة واللہ منزہ عن ھذا القسم وربما یکون لطفا بالعبد وسببا لترقی وتقریبا لہ فیکون من صفات الکمال ولھذا نظائر منھا تقدیم کلمة او تاخیرھا من محلھا لضرورة رعایة الفاصلة وکذلک التکلم بالمجاز لضرورة فقد کلمة مثلھا من الحقیقة فی العذوبة او مثل ذلک فان اخذنا ذلک بمعنی الاضطرار وعدم القدرة وکان نقیصة وان اخذناہ بمعنی نزول القران علی لغة قریش وکان من لغتھم التقدیم والتاخیر لرعایة الفاصلة والتجوز لعذوبة فانزل وفق لغتھم من غیر اضطرار لہ الیٰ ذلک ولکن لطفا بھم لیکون الکتاب بلغتھم التی یعرفونھا فیتدبروہ حق تدبرہ کان من صفات الکمال فھذا قولھم وھذا توجیھہ وتحریرا لکنا نقول ھذا وجدان حق انکشف لھم ثم رجعوا بعد ذلک الیٰ رؤیتھم واستقبلھم علومھم التی خزنتھا صدورھم فتحت منھا تاویل وجدانھم ونزل اطمینان قلوبھم بالوجدان اطمینانا بھذا التاویل المنحوت

سے جب ذات وصفات کرتا ہے، مشائخ نے ارادہ کیا اس امر سے یہ وعدہ وفا نہ کرنا نقص نہیں ہے۔ واجب ہے اللہ تعالیٰ کی اس سے تنزیہ مطلق بلکہ بسا اوقات وعدہ وفا نہ کرنا بخل وغرور اور تدلیس ہوتا ہے تو یہ نقص ہوا اور اللہ تعالیٰ نقصان سے پاک ہے اور کبھی ہوتا ہے بندہ پر لطف اور اس کی ترقی کا سبب اور ترقی کے تقریب تو یہ صفت ہوئی کمال کی اور اس کے واسطے نظیریں ہیں اور نظیروں میں سے ہے تقدیم کلمہ کی یا تاخیر اس کے اُس کے محل سے واسطے ضرورت رعایۃ فاصلہ کی اور اسی طرح کلام کرنا مجازاً بسبب ضرورت نہ ہونے کلمہ کے مثل اس کی حقیقی غروبت میں یا مانند اس کے تو اگر ہم اس کو اضطرار اور عدم قدرت جانیں تو نقصان ہے اور اگر ہم سمجھیں کہ قرآن شریف لغت قریش میں نازل ہوا ہے اور ان کی لغت میں تقدیم وتاخیر ہوتی ہے واسطے رعایت فاصلہ کے اور تجوز عذوبت کے یہ ان کی لغت میں نازل ہوا ہے اضطرار کے سبب نہیں، بلکہ ان پر لطف کر کے کہ کتاب ان کی لغت میں ہے جسے وہ جانتے ہیں تو وہ آپس میں تدبیر کریں جس قدر تدبر چاہیے تو صفات کمال ہی بس ہے یہ قول ان کا اور یہ ہے توجیہ اور تحریر اس کی۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ وجدان حق ہے منکشف ہوا ان کو۔ پھر رجوع ہوئے وہ بعد اس کے طرف رویۃ کے تو روبرو آئے ان کے وہ علوم جن کا خزانہ ان کے سینے ہیں۔ کھل گئی ان سے تاویل ان کے وجدان کی اور ان کے قلوب کو اطمینان حاصل ہوگیا اطمینان سے۔ اس

من حيث لا يشعرون وكثيرا ما يتفق ذلك وهذا بعينه نظير مسئلتنا هذه فكما ان الوعد حق والموعود قد لا يظهر كذلك التعليم حق وفيه تاويل منحوت فتدبر والحق الصراح ان الالهام ضرب من تجلى الحقائقْ للعبد على ما هى عليه لما اسدل بينه وبين حالة التجلى الصراح حجاب وضاق بينه وبينها الجوّ الاقدر حلقة بين الابهام والمسبحة انقلب التجلى خطابا والهاما وخاطرا وهاتفا علىٰ الاختلاف استعداد القوى الدراكة والاسباب الحاكمة فى الوقت واذا كان ذلك كذلك فسبب عدم وقوع الموعود امران احدهما ان ينكشف له اقتضاء سيد من سادات الملاء الاعلىٰ مما لو خلى الامر مع هذا الاقتضاء فقط لوجب فى حكمة الله ان يجيب دعائه ويوفر له اقتضائه لكن هنالك اقتضاء آخر مثله او اكد منه يجب فى حكمة الله عند اجتماعهما واصطكاكهما فى القوة التى هى فى قلب الطبيعة الكلية بمنزلة قوة الارادة والعزم المقرونين بتحريك العضلات ان يقضى بنحو آخر ويوجد فى المثال صورة اخرى فهذا العبد بما لا يصل الى صميم القوة العازمة التى هى فى قلب الطبيعة الكلية

تاویل تراشی ہوئی اس جائے سے کہ ان کو خبر نہیں اور ایسا اکثر اتفاق ہوا ہے اور بعینہ ہمارے اس مسئلہ کی نظیر ہے۔ پس جیسا کہ وعدہ حق ہے اور موعود کبھی نہیں ظاہر ہوتا۔ اسی طرح تعلیم حق ہے اور اس میں تاویل تراشیدہ ہے۔ فتدبر پس سوچو اور حق صریح یہ ہے کہ الہام ایک قسم ہے تجلی حقائق کے واسطے بندہ کے علیٰ ماہی علیہ جس وقت چھوڑ دیا جاتا ہے درمیان بندہ کے اور درمیان تجلی صریح کے حجاب اور تنگ ہوتا ہے درمیان بندہ اور حالت تجلی کے جو مگر قدر کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے کے حلقہ کے تو ہوجاتی ہے تجلی خطاب والہام اور خاطر وہاف حسب اختلاف استعداد قوت دراکہ اور اسباب حاکمہ فی الوقت کے اور جب ہوا وہ امر اس طرح تو سبب عدم وقوع موعود کی دو باتیں ہیں کہ ان دونوں میں سے ایک تو یہ کہ منکشف ہو بندہ پر اقتضا کسی سردار کا سادات ملاء اعلیٰ سے اس حیثیت سے کہ اگر جمع ہو امر ساتھ اس اقتضا کے فقط تو ضرور ہے اللہ کی حکمت میں یہ قبول ہو دعا اس کی اور زیادہ کیا جائے اس کے واسطے اس کا اقتضا لیکن وہاں ایک اور اقتضا ہے اس کے مانند یا اس سے موکد کہ وجاب ہے اللہ کی حکمت میں۔ جب وہ دونوں اقتضا جمع ہوں اور ایک دوسرے سے مقابلہ کریں قوت میں وہ قوت کہ طبیعت کلیہ کے قلب میں ہے بمنزلہ قوت ارادہ عزم مقرونین کے عضلات کی تحریک کو تو حکم ہو دوسری طرح اور پائی جائے مثال میں دوسری صورت تو پس یہ بندہ بسا اوقات نہیں پہنچتا اس صمیم قوت عازمہ کو جو طبیعت کلیہ

اتخيل انها في مركز العرش وان المركز لذلك صار مآوىٰ العناصر والمواليد حتى يقضى اليها بلا واسطة وياخذ عنها شفا هابل يصل الى خلاصة سيد وصفاوه همت وينظر من تلك الكوة الى القوة العازمة فيختلط لون المرآة بالمرائى فى الحدقة ويقصر علمه عن احاطة الاسباب والوصول الى حميم هذه الحقيقة فلا يعرف الاهداء الاقتضاء وحكمه ادهمة هذا السيد جامعة لهذه الاحكام مانعة للاحكام المضادة لها فيسرى الجميع والمنع فيه من حيث لا يدرى ثم يناقب هذا الانكشاف خطابا لاسباب مما ذكرنا ومما طوينا ذكره وليس هذا اخبارا شفاهيا حتىٰ يكون صادقا البتة وثانيهما ان ينكشف له امر مجمل ويتحول هذا الانكشاف الاجمالى الهاما مجملا فيتبادر اليه العلوم المخزونة فى صدره فنشرحه شرحا من حيث لا يدرى وكما انها شرح الانكشاف الاجمالى فى المنام فيصير رؤيا يحتاج الى التعبير فكذلك هذا المختلط من الهام اجمالى وشرح وتفسير منحوت من العلوم المخزونة يحتاج الى التعبير ولا عبرة حينئذ بالثلج والاطمينان لانه فى احقيقة ثلج بالامر الاجمالى من حيث هو محفوظ

